بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سبحان اللہ علیٰ کل شیٔ شہید

صوفیانہ و عارفانہ کلام کا مجموعہ

دیوانِ دردِ عشق

من تصنیف :-

حضرت سخی فقیر بابا راضی سائیں صاحب

درازی صوفی قادری قلندر رحمۃ اللہ علیہ

دار الفقراء امن پور شریف چونگ ملتان روڈ تحصیل و ضلع

لاہور

جامع العرفان خادم الفقراء

فقیر سائیں خیال خدائی

آستانہ المصطفائیہ دار الفقراء انور پور شریف لاہور

صاحب دیوان حضرت فقیر سخی بابا راضی سائیں درازی صوفی قادری قلندر رحمت اللہ علیہ

حضرت بابا راضی سائیں صاحب کے مرشد کامل تخی فقیر حضرت بابا محمد شفیع صاحب
درازی صوفی قادری قلندر المعروف تخی قلندر علی رحمت اللہ علیہ

حضرت سخی مرشد بابا راضی سائیں صاحب اور آپ کے تن طالب سائیں خیال اللہ

حضرت سخی بابا راضی سائیں صاحب درازی صوفی قادری قلندر رحمت اللہ علیہ اور آپ کے تن طالب سائیں خیال اللہ صاحب۔ جامع العرفان

حضرت سخی بابا راضی سائیں صاحب درازی صوفی قادری قلندر رحمت اللہ علیہ

حضرت فقیرنی بابا راحتیؒ سائیں صاحب اور آپکے فقراء (طالبان حق)

اللہ عاشق العشق المحبوب

اللہ احمد محمد المطلوب

اللہ شاہد المشہود

اللہ معبود المقصود

اللہ ہو حق موجود

سدا موجود

اظہارِ تشکّر

جن عقیدت مند مخیّر حضرات طالبانِ حق فُقرا نے اس کتاب دیوانِ دردِ عشق کی طباعت میں تعاون کیا اور اس مشن کو کامیاب کرنے میں بھرپور مدد فرمائی ہم اُن صاحبان کے مشکور و ممنون ہیں۔ ربِّ کریم اُن کا خیر قبول فرما کر اُن کو اجرِ عظیم عطا فرمائے۔ اور انہیں دونوں جہان میں سُرخرو و سرفراز کرے۔ اور اپنی رحمت و ازلی عنایت سے نوازے

آمین۔ شکریہ

(منجانب مرتب)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؏

پیش لفظ

اللہ ذاتِ پاک جلّ شانہٗ ہو ارشاد فرماتا ہے :-

الا انّ اولیا اللہ لا خوفٌ علیھم ولا ھم یحزنون ؏

ترجمہ :- اللہ کے دوست ہمیشہ حیات ہیں۔ آخرت میں اُن پر نہ کسی قسم کا خوف ہوگا۔ اور نہ ہی وہ غمگین ہونگے "

اور یہ بھی اللہ کریم نے فرمایا ہے :-

رضی اللہ عنھم ورضو عنہ ؏

"یعنی اللہ ان سے راضی ہوا۔ اور وہ اللہ سے راضی ہوئے"

یہ اللہ کریم کے خاص الخاص بندے جنکو ربّ العزت نے اپنی دوستی کیلئے منتخب فرمایا ہے۔ اور اپنے فضل و عنایت ازلی سے نوازا ہے۔ اُن کیلئے خداوند کریم نے فرمایا ہے، "جس نے میرے ولی (دوست) کو تکلیف دی۔ اُسکے ساتھ جنگ کرنا مجھ پر حلال ہوا"، اور اسی طرح وہ اپنے دوستوں کو غیر کے شر سے اپنی پناہ اور حفاظت میں محفوظ رکھتا ہے۔

یہ اولیاء اللہ صوفیائے اکرام، درود دل درویش فقراء جو صدیوں سے ہر زمانے، ہر وقت باحکم خداوند کریم اس دنیا میں تشریف لاتے رہے۔ پہلے بھی تھے آج بھی ہیں اور رہتی دنیا تک آتے رہیں گے۔ اور جنہیں دوستی اور ولایت سے خاص گردانا گیا ہے۔ اور وہ اس کے ملک کے والی ہیں۔ اور اُن کو اپنے فعل اور اظہار کا نشانہ بنایا گیا ہے۔ اور طرح طرح کی کرامتوں سے مخصوص کئے گئے ہیں۔ اور طبعی آفتوں سے اُن کو پاک کیا گیا ہے۔ اور نیز نفس اور ہوا کی پیروی سے اُن کو خلاصی دی گئی ہے۔ یہاں تک کہ اُن کی ہمت، محبت، گفتگو بجز خدا تعالیٰ کے نہیں ہے۔ اور اُن کا بولنا اللہ کے اصرار اور رموز کا اظہار ہوتا ہے۔ نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اس فانی دنیا سے تشریف لیجانے کے بعد رشد و ہدایت و حدت واحدہ کا سلسلہ اولیاء اللہ صوفیائے اکرام فقراء درویشوں نے جاری رکھا ہے۔ جو آج تک جاری ہے۔ اور ہمیشہ جاری رہیگا۔ انشاء اللہ العظیم۔

ان صوفی درویشوں خاص فقیروں نے اپنی گفتگو کلام اور تحریر سے عام لوگوں کو اللہ کے احکامات سے روشناس کیا۔ اور وحدت و توحید حق کا

درس دیا۔ ان میں سے بے شمار دوستانِ اللہ کریم ایسے بھی ہوئے ہیں جنہوں نے اللہ پاک کی یگانگت، محبّت و بے خودی حال میں اپنا وطن، جہانِ خویش قبیلے ترک کئے۔ اور دوسرے ملکوں یا علاقوں میں تشریف لے آئے۔ جہاں انکو جاننے پہچاننے والا کوئی نہیں تھا۔ اور جہاں کفر کا گڑھ جہالت زیادہ دیکھی وہاں ڈیرہ لگا کر بیٹھ گئے۔ اور جس علاقے میں مقیم ہوئے۔ اُس علاقے کی مادری زبان میں گفتگو اور کلام عارفانہ بیان کیا ہے۔ تا کہ اُن کے نزدیک رہنے والے لوگوں کی سمجھ میں آسکے اور لوگوں کو اپنے اعلیٰ اخلاق اور محبّت خاص سے گرویدہ کر کے انہیں سیدھی راہ ربّانی کی طرف متوجہ کیا۔ اللہ کے عاشق دردمندوں کیلئے موسیقی و یراگ روحانی غذا اور درد دل کی دوا و شفا ہوتی ہے۔ اور صوفی درویش فقراء نے اپنی شاعری کو راگوں اور راگنیوں میں ذریعہ اظہار بنایا ہے۔ اور یہ صوفی درویش پاک لوگ موسیقی سے خود اچھی طرح واقفیت رکھتے ہیں۔ اور اپنے عارفانہ عاشقانہ کلام کو موسیقی و یراگ کے ذریعے لوگوں کے دلوں میں محبت، ایثار، یک جہتی، یگانگت و

اِنسان نے دوستی پیار و بھائی چارے کا درس دیا ہے۔ اور یہ حق سچ بات ہے کہ دینِ واسلام بھی اولیاءاللہ صوفیائے اکرام درویشوں فقیروں نے اخلاق و پیار سے پھیلایا ہے۔ نا کہ جبر کی تلوار سے۔ اِن اللہ کے دوستوں درویشوں کی باتیں حق کی نشاندھی کرنیوالی ہوتی ہیں۔ جو بات وہ کہتے ہیں پہلے خود اُس پر عمل کرتے ہیں۔ اُنکی گفتگو بیان میں خلوص وفا سچّائی وصفائی ہوتی ہے۔ اِسلئے لوگوں کے دل پر اثر انداز ہو کر جلد دل میں اُتر جاتی ہیں۔ اُنکا ہر کام اللہ پاک کی رضا جوئی، مخلوقِ خدا کی بھلائی و راہنمائی کیلئے ہوتا ہے۔ اور خاص لوگ اُنکی باعرفان باتوں کو دل وخیال سے سُنتے ہیں اور سچائی و صِدق یقین سے عمل پیرا ہو کر مقصد مُراد پاتے ہیں۔ اور اَیسے ہی صوفیائے اکرام میں سے خاص الخاص صُوفی اکمل باکمال باجمال، صفّا صفا، نُور اعلیٰ نُور، عشق و محبّت مولا میں محو، سر مَست جام منصُوری سے مخمُور، دردمند درویش، دل ریش، سچّا فقیر، جوان مَرد، مَردِ خُدا، بے رنج و بے ریا، فانی الصفت، باقی الحق، میرے تن من کے مالک کامل ہادی و راہنما، باتقدیر، دل ضمیر مُرشد سخی بابا سائیں رَاضی ؒ فقیر

درازی صوفی قادری قلندر رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ آپؒ کی شان کامل صوفی درویشوں میں مثل مہتاب بے نظیر و منفرد ہے۔ جو کہ آپؒ کے صوفیانہ عارفانہ و عاشقانہ کلام سے ظاہر ہے۔ آپؒ کا حال خیال اور رمزیں لطیف ہیں۔ آپؒ اللہ کے خاص عاشقان میں سے مقرب محبوب خاص الخاص فقیر پُردرد پر محبت اس آخر زمانے کے باکمال واصل باللہ سر اللہ خیال اللہ کے سوا تمام خیالوں سے خلاصی پائے ہوئے ہیں۔ اللہ پاک کی ذات کے ساتھ یگانہ باقی الحق ہیں۔ آپؒ کی گفتگو سے حق کا اظہار ہر دم حق موجود ظاہر باطن ذات حق کو ثابت کیا ہے۔ جو سب میں بلکہ ذرّے ذرّے میں سمایا ہوا ہے۔ آپؒ فرماتے ہیں کہ! اللہ موجود ہے۔ اللہ سوا ہر شے نابود ہے۔ اور جو موجود کو غیر موجود جانے وہ کافر ہے۔ جبکہ اللہ پاک فرماتے ہیں کہ! اوّل بھی میں ہوں۔ آخر بھی میں ہوں۔ ظاہر بھی میں ہوں۔ باطن بھی میں ہوں۔ اس بات سے ثابت ہے کہ اللہ سوا کوئی نہیں۔ اُسکی ہستی کے سوا ہر چیز نیست ہے۔ اور وہ ہست و ہمہ اوست ہے۔ اور انہی کی باعرفان، باہدایت باتوں نے مجھے اپنا دیوانہ اور اپنی سچی محبت میں

مستانہ بنا دیا ہے۔ میں نے اپنے سائیں کو ہر وقت نرالی شان میں دیکھا

ہے۔ میرے سائیں کی رمز طریقت جیسا فقیر اس آخر وقت میں ملنا بہت

مشکل و محال ہے۔ اللہ پاک کے فقیر درویش اور بھی ہیں۔ مگر سخی بابا راضی

سائیں صاحبؒ کی صفت، رمز و طریقت والا جو اپنے طالبان حق و مریدان فقرا

مساکین سے بے غرض و سچی محبت کرنیوالے طالب حق پر پہلے ایثار و قربان

ہونیوالے۔ نیکی و محبت بھرے دکھی دردمند دلوں کا شکار اپنی نورانی نور

بھری نظروں کی تلوار سے کیا ہے۔ جو بھی آپؒ کی دام میں آیا وہ حق

گوئی و محبت کی چھری سے حلال ہو گیا۔ اس کی ہستی فانی ہو گئی۔ اور

مستی میں مستانہ حال ہو گیا۔ اور یہ ضرور ہوتا ہے کہ فقیر جسکو طریقت کے

راستے کا اہل جانتے ہیں انکو روحانی راز سے آشنا کرتے ہیں۔ نا اہل،

جاہل، بزدل، بے محبت و بے وفا کو حقانی حال نصیب نہیں ہو سکتا۔

اور نہ ہی فقیر ایسے شخص کو صحبت میں قبول کرتا ہے۔ یہ تو اس مالک حقیقی

کی خاص عنایت ہے۔ جسکو چاہے اپنا راز عطا کرے۔ اور اپنی پہچان

دے۔ اور فقیر کی نظر میں اپنا، بے گانہ ایک جیسا ہوتا ہے۔ بلکہ اپنوں سے

زیادہ بیگانوں کو اپنی محبت و قربت سے قریب رکھتے ہیں۔ فقیر درویش کیلئے اپنا کوئی نہیں ہوتا۔ اسلئے کہ فقیر جو پیغمبروں والی صفات رکھتا ہے۔ یعنی سب جہان کی خیر مانگتا ہے۔ سب کو دعا دیتا ہے۔ سب کا بھلا سب کی خیر نہیں کوئی غیر۔ نہ کسی سے دوستی نہ کسی سے بیر۔

سخی ہادی پاکؒ نے فرمایا ہے کہ! جاہل و احمق کی دوستی و صحبت سے بچو کیونکہ وہ اپنی طرف سے اُنکے خیال مطابق جو کچھ بھی کرے گا۔ وہ سراپا ریا کاری اور دل آزاری کے سوا اور کچھ نہیں ہوگا۔ سمجھدار کی دوستی فائدہ مند ہوتی ہے۔ دانا انسان جب کوئی بات کہتا ہے تو پہلے سوچتا ہے کہ! جو بات میں کہنا چاہتا ہوں اس سے کسی کا دل تو نہیں دُکھے گا۔ سالک و سمجھدار انسان دل دُکھانے والی بات ہرگز نہیں کرے گا۔ بلکہ اچھی و پیاری با عرفان بات بیان کرے گا۔ جو ہر دل کو محبوب و با مقصد ہو اور دل و روح راضی ہو۔ اللہ پاکؒ کے کسی بندے کی عیب جوئی و غیبت کرنا، بُرا جاننا یا حقارت کی نظر سے دیکھنے والا اللہ کا بندہ نہیں ہوتا۔ بلکہ شیطان کا بندہ ہوتا ہے۔ اللہ کا بندہ ہر چیز خداوند پاکؒ کی سمجھ کر

اُسکی خدمت، محبّت اور قدر کرتا ہے کہ! یہ میرے مالک اللہ پاک کی

تخلیق ہے۔ ہر چیز اُس نے بڑے پیار و محبّت سے بنائی ہے۔ ہر چیز میں

اُسکا حُسن ہے۔ اور وہ حُسن کا خالق و مالک ہے۔ اللہ ہادی پاک فرماتے

ہیں کہ! جو شخص کسی کی عیب جوئی و پیٹھ پیچھے غیبت کرتا ہے۔ وہ کبھی بھی

مُراد نہیں پائے گا۔ نامُراد رہیگا۔ حالانکہ اللہ والے اللہ کے دوست فُقراءِ تو

ہر چیز کو حقیقت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ صفات کو نہیں۔ اور صُوفی باصفا فُقرا

درویشوں نے تو ہر جگہ صاحب ذات حاظر، ناظر، اوّل، آخر، ظاہر، باطن،

اندر باہر ربّ ہی ربّ دیکھا ہے۔ اور دکھایا ہے۔ جیسا کہ ہادی پاکؑ نے

فرمایا ہے کہ!

آیا اصل اعتبار وِچ   اولہا لتھا انسان دا

یعنی یقین کی نظر سے دل کی آنکھوں سے دیکھا تو اندر باہر اللہ ہی اللہ

نظر آیا۔ اور انسان خود پردہ ہے۔ آپ ہی اپنا حجاب بنا ہوا ہے۔ جیسا کہ

فرمایا ہے کہ "جان جسم کالا حجاب۔ ایہو ہے پردہ ایہو عذاب"۔

یہ میرے ہادی پاک رح کا فیض عام ہے کہ آپ رح نے طالب حق کیلئے طریقت کا راستہ صاف وعیاں فرمایا ہے۔ آپ رح نے اپنے طالبان حق سے کوئی بات پوشیدہ نہیں رکھی۔ اپنی طرف سے بڑی سخاوت خاص شفقت فیض فقیری عطا وعنایت فرمائی ہے۔ آپ سخی سرکارؒ نے ہر کسی کے لئے اپنی سخاوت کا دروازہ کھلا رکھا ہے۔ سب کو مرادیں دیتے ہیں اپنے لئے کوئی مراد نہیں مانگتے۔ اور اپنی زندگی دوسروں کی مرادیں پوری کرنے کیلئے وقف کی ہے۔ کیونکہ سخی کریم کا کام ہے دان کرنا۔ وہ دان دیتا ہے لیتا نہیں۔

ہادی پاک بابا رافین سائیں صاحب رح کو فیض عشق اللہ درگاہ اقدس حضرت داتا گنج بخش فیض عالم مظہر نور خدا رحمۃ اللہ علیہ سے عطا ہوا۔ اور آپ رح کے پیر مغاں حضرت سخی سچل سرمست منصور آخر الزماں رح درازہ شریف سندھ فاروقی فقر سے پیوستہ ہیں۔ اور عشق الہی و کامل مرشد حقیقی راہبر حضرت سخی بابا سائیں محمد شفیع صاحب رح عرف قلندر علی قادری درازی رح ہیں۔ جو کہ سخی داتا گنج بخش فیض عالم

مظہر نورِ خدا نے آپؒ کو ملایا۔ آپؒ نے داتا صاحبؒ سے سوال کیا کہ! اے میرے داتا کہ فقیری میں بھی اگر کوئی چیز ہے۔ تو مجھے عطا فرما۔ اور فقیر کامل مرشد سے مجھے ملا دو۔ جو مجھے طریقت کے راستے سے آگاہ فرمائے۔ اور آپ کی یہ دعا قبول ہوئی۔ آپؒ جیسا مرشد چاہتے تھے۔ ویسا ہی فقیر کامل مرشد آپ کو حضرت بابا محمد شفیع صاحبؒ کی صورت میں روبرو سامنے داتا صاحبؒ نے دان کیا۔ اور دستگیری فیض سے فیض یاب ہو کر داتا کی نگری میں ہی ڈیرہ لگالیا۔ اور مقیم ہو کر بیٹھ گئے اور فیض جاری ہوا۔ آپؒ فرماتے ہیں کہ داتا سے قبر کیلئے جگہ مانگی تھی۔ اور آپ نے اپنے قدموں میں جگہ دی۔ اور یہ اسم پور داتا کی پوڑی (سیڑھی) سمجھ کر یہاں بیٹھا ہوں۔ ابتدا میں آپؒ روزانہ شام عشاء کے بعد یہاں سے پیدل لاہور جا کر داتا سخی کی حاضری دیتے رہے۔ اور صبح فجر کے وقت سے پہلے واپس پیدل آستانے پر آکر جھاڑو مٹی کرتے۔ اور چڑیوں پرندوں سے پیار کرتے۔ اُنکو دانہ ڈالتے۔ لوگوں سے پیار و خدمت کرتے۔ کسی کو خبر نہیں ہوتی تھی کہ آپؒ روزانہ رات کو داتا صاحبؒ کی حاضری کیلئے جاتے رہتے ہیں۔ کچھ

عرصہ کے بعد پھر حکم ہُوا کہ اب ہر جمعرات کو تشریف لایا کرو۔ اِس طرح یہ حاضری کا سلسلہ کافی دیر جاری رہا۔ اُسکے بعد جب بھی آپ لاہور تشریف لیجاتے تو پہلے درگاہ داتا صاحبؒ پر حاضری دیتے و سلام کرتے۔ اور پھر اَمن پور شریف واپس تشریف لے آتے۔ آپ سرکارؒ نے اپنے کلام میں داتا سخی کا زیادہ ذِکر حمد و ثنا شکر کے ساتھ بیان کیا ہے۔ جیسا کہ فرمایا ہے کہ:-

بَن پھیری دار فقیری منگاں ۔ دَر داتا دے خیرات مِلے

کراں طواف تساڈہ سائیں ۔ سخی سخا وت ذات مِلے

جب درگاہ کے اندر طواف کرتے تو یہی کلام دُعا کیلئے پڑھتے۔ اور دوسری جگہ فرمایا ہے کہ:-

گنج بخش کیتا ہے فیض سخا ۔ ملیا عشق سچا اللہ دا

داتا دان دتا ہے دیدار مینوں ۔ ہویا و حدت خُوب خُمار مینوں

ملیا یار سچے دا پیار مینوں ۔ مِٹھا پردم نُور نِگاہ دا

مُرشد کامل کی پہچان کیا ہے؟ اور سچّے طالب حق کی پہچان کیا ہے؟ اس کے متعلق آپؒ نے اِرشاد فرمایا ہے کہ :۔

تمام تعریف اَللّٰہ ذات پاک خالقِ کائنات کیلئے ہے۔ یہ کلام طالب و مطلوب کے حق میں ہے۔ اے طالبانِ حق! مُریدانِ پیر دستگیر عزیزان راضی بارضا فقیر! اہل طریقت فُقرا، سچّے سائیں کے درویشو! حق موجود اَللّٰہ علی مدد عشق سلامت، دُعا خیر کرتا ہوں نیاز و سلام دیتا ہوں۔ بعد اس حقیقت فقر سے آپ سب کو واقف کرنا چاہتا ہوں کہ طالب سچّے کی پہچان کیا ہے؟ مُرشد کامل کی پہچان کیا ہے؟ مُرشد کامل وہ ہے جو پیر ہے نہ امیر ہے۔ پس فقط فنا فی اللہ فقیر ہے۔ جس کے دل میں اَللّٰہ ہے۔ آنکھوں میں محمد مصطفیٰ ﷺ ہے۔ اندر حقیقت باہر شریعت ہے۔ فقیر اَللّٰہ کیسا تو اَللّٰہ فقیر کیسا تو ہے۔ گویا اَللّٰہ مجھے دیکھ رہا ہے۔ میں اَللّٰہ کو دیکھ رہا ہوں۔ یار میرے سامنے میں یار کے سامنے ہوں۔ وہ سائیں میں نوکر ہوں۔ جو کہتا ہوں وہ سُنتا ہے۔ جو کرتا ہوں وہ دیکھتا ہے۔ جو کچھ جانتا ہوں سب اُس کو جانتا ہوں وہ میرا دوست میں اس کا دوست ہوں۔ وہ مارنے اور زندہ رکھنے پر قادر

ہے۔ اے میرے محبوب تو دیتا ہے پیار مجھ کو، میں رکھتا ہوں پیار تجھ کو، میں اللہ سے محبت کرتا ہوں اللہ مجھ سے محبت کرتا ہے۔ قرآن مجید میں آیا ہے "یحبہم ویحبونہ ہو۔" ترجمہ:۔ یہ اللہ سے محبت کرتے ہیں اللہ ان سے محبت کرتا ہے۔" فقیر، صوفی، باصفا، بے رنج، بے ریا، بے حرص، بے ہوا، سوا اللہ سب سے فانی ہونے کا نام ہے۔ حق موجود باقی نابود۔

اب طالب کی طرف آئیے۔ سچا طالب وہ ہے جو سوا اللہ دنیا و عقبیٰ دونوں جہان سے منہ موڑ لے۔ رنگ و بو، نقش نما ہر شی سے دل ہٹا کر حقیقی محبوب سے جوڑ لے۔ اپنا کلی اختیار اللہ کی رضا مندی پر چھوڑ دے۔ طریقت میں ثابت قدم رہیگا۔ خود پسند نفس پرست انسان، حرص و ہوا میں پھنس کر ہمیشہ کیلئے مرجاتا ہے۔ یہ خود پسند طالب دنیا لوگوں کا حال ہے۔ اللہ کے طالب کو چاہیے کہ اہل دنیا سے نفرت اہل اللہ سے محبت کرے۔ کیونکہ اہل دنیا جھوٹے اور اہل اللہ سچے ہوتے ہیں۔ جو طالب چار یار کی طرح مرشد مطلوب پر نثار ہو جائے۔ تب ہستی، خودی، دوئی، دغا ہٹ جاتی ہے۔ اب نہ نزدیکی رہی نہ دوری۔ یہ دوستی ہے پوری۔ جب رضا

ایک ہو گئی تب طالب مطلوب دو نہیں ایک ہے۔ کیونکہ دونوں کی حقیقت ایک ہے۔ جیسے عاشق و محبوب دونوں کا عشق ایک ہے۔ عشق میرا مرشد ہے میں عاشق ہوں۔ اللہ میرا محبوب ہے۔ عاشق ہونا آسان ہے۔ مگر یار کے درد بریوں کا بار اُٹھانا مشکل ہے۔ اللہ اپنا عشق لگائے تو لگتا ہے۔ نہیں تو جھوٹا مکری بھگتا ہے۔ طالب ادب حیا، وفا والا ہے تو یہی سچا طالب نفس پر غالب آتا ہے۔ امارہ نفس شیطان ہے۔ مطمئن انسان ہے۔ نفس امارہ دنیا دار کا، مطمئن فقیر کا ہوتا ہے دُنیا دار کا شریر فقیر کا قرار پذیر ہوتا ہے۔ دانا دانا ہے۔ نادان نادان ہے۔ نادان وہ ہے جو ظلم کرتا ہے اپنے آپ پر، دانا وہ ہے جو رحم کرتا ہے اپنے آپ پر۔ لطیف عقل باسمجھ وہ ہے جس پر اللہ کریم مہربان ہے۔ جاہل بے سمجھ وہ ہے جس پر خدا ناراض ہے۔ طالب اللہ محمدؐ مصطفیٰ کا درویش عارف باعرفان دانا ہوتا ہے۔ طالب دُنیا و عقبیٰ جانور کی طرح مجہول۔ بانسان نادان ہوتا ہے۔ دُنیا جھوٹ فریب کے سوا اور کچھ بھی نہیں۔ اللہ پاک ذات حق سبحانہ، قدیم ہمیشہ حی القیوم

بقا ہے۔ اور دُنیا باطل ایک تھوڑا وقت ہے۔ بعد ہمیشہ فنا ہے۔ وقت گزر

جانے کا نام ہے۔ مسافر بھی گزر جانے کا نام ہے۔ اس جہان میں ہم تم سب

اللّٰہ کی طرف سے آئے ہیں اور اللّٰہ کی طرف جانا ہے۔ اہلِ دُنیا شیطان

کے بندے ہوتے ہیں اہلِ اللّٰہ اَللّٰہ رَبُّ العالمین کے بندے ہوتے

ہیں۔ اپنے آپکے دل، ارادے خیال کو دیکھو! کہ دل نیت اَللّٰہ کی طرف

ہے۔ یا دُنیا کی طرف ہے؛ خلق کی طرف ہے یا خالق کی طرف ہے

یہ دو راہ دو راستے ہیں۔ انسان وہ ہے جو اللّٰہ کی طرف جائے۔ شیطان

وہ ہے جو دُنیا چاہے۔ اور دُنیا کی طرف جائے۔ اے انسان تو اپنے

آپ کو کس طرح دیکھتا ہے۔ اَللّٰہ سچا ہے۔ سچوں کو پسند کرتا ہے۔ دُنیا

جھوٹی ہے اور جھوٹوں کو پسند کرتی ہے۔ دُنیا دار، فضول مغرور، نقیر،

مقبول، منصور ہے۔ اَللّٰہ نُور محمدؐ ظہور ہے۔ دَرد مندوں کے ساتھ

بے دَردوں سے دُور ہے۔ جاری فیض درازی ہے۔ اَللّٰہ ہم

تم سب پر راضی ہے۔ حق موجود ہے باقی سب نابُود ہے۔

یہ پیغام ختم کلام

اب یہ بات و تحریر کرتا ہوں بند۔ راضی ہر دم خداوند

و باللہ التوفیق

جاننا چاہیے کہ یہ بندہ مسکین فقیر خیال راضی سائیں نے جو کچھ تحریر کیا ہے
یہ سب باتیں میرے ہادی کامل مرشد سخی سرتاج راضیؒ سائیں بادشاہ کی
محبت، صحبت و بیان سے میرے دل روح میں جمع ہوتی رہی ہیں
اور اب مرشد مالکؒ کے امر حکم سے یہ با عرفان باتیں تحریر میں لا رہا
ہوں۔ اور امید ہے کہ فقراء درویش و طالبان حق کیلئے مفید، روحانی
راہنمائی و دلجوئی ہوگی۔ انشاء اللہ العزیز۔ اللہ باقی ومن کل فانی؛
اب میں آپؒ کی سوانح حیات سیر و سیاحت اور حالات و
واقعات تحریر میں لاؤنگا۔ اللہ ہادی پاکؒ کی مدد و توفیق چاہتا ہوں
وہ ہی میری مدد و راہنمائی کرنیوالے ہیں۔ انہی کو دیکھنے والا ہوں۔

فقط: خادم الفقراء جامع العرفان

فقیر خیال راضیؒ سائیں

المصطفائی آستانہ دار الفقراء امین پور شریف تحصیل و ضلع لاہور

سوانح حیات

ہادی مُرشد پاکؒ شہنشاہِ طریقت، عارف باللہ، سرتاج سخی مالک حضرت فقیر بابا راضی سائیں صاحب، درازی، صُوفی، قادری قلندر رحمۃ اللہ علیہ آپکا اسم گرامی جناب محمد حسن بن حضرت بابا کریم بخش صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور طریقت کا اسم سائیں راضی فقیر (سندھی سائیں) ہے۔ آپ وادی ہندہ پیر گوٹھ ضلع میرپور خاص میں بمطابق پانچ محرم الحرام شریف ۱۳۳۵ھ ہجری بروز پیروار نو جنوری 1915ء عیسوی میں پیدا ہوئے۔ پیدا ہونے کے چند ہی سال بعد آپکی والدہ صاحبہ وفات پاگئیں۔ بعد میں آپ کے والد صاحبؒ جو خود عابد اور اللہ کے نیک بندے تھے۔ آپکو اپنے مُرشد حضرت کرم اللہ شاہ صاحبؒ گوٹکی شریف والے جو کہ حضرت غوث پاکؒ کی اولاد میں سے ہوئے ہیں۔ اُن کے حوالے کیا۔ پیر سید کرم اللہ شاہ صاحبؒ زاہد عابد بزرگ اور پیری مُریدی والے اللہ کے نیک مرد تھے۔ آپ نے بچپن و بلاغت کی عمر شہر گھوٹکی

میں اُنکے زیر سایہ پرورش پائی۔ اور یہاں علم شریعت حاصل کیا۔ اور یہیں شاہی مسجد میں حضرت حافظ غوث محمد شاہ صاحب جیلانیؒ سے قرآن کریم با ترجمہ تفسیر حفظ کیا۔ شروع بچپن ہی سے آپکے دل میں خداوند عزوجل کے وصال حسن اور جمال کا خیال جاگزین رہتا تھا۔ جب آپ شاہی مسجد میں حصول علم میں مشغول تھے۔ اُس وقت آپ نے رات کو خواب میں حضرت سیّد موسیٰ شاہ صاحبؒ جن کا مزار مبارک شاہی مسجد کے مین دروازے کے ساتھ ہی ہے۔ آپکو زیارت دی۔ اور ساتھ ہی آپ نے مخاطب ہو کر فرمایا کہ بیٹے حسن ہم آپکی شادی کروانا چاہتے ہیں۔ یہ لفظ سُن کر آپ غمزدہ اور آبدیدہ ہو گئے اور پھر فرمایا کہ آپکی حق کے ساتھ شادی ہو گی۔ یعنی اللہ پاک سے ملانا یگانہ کرنا چاہتے ہیں۔ جب یہ بشارت ہوئی۔ تو آپ کے دل کو سکون ملا اور دل جوئی ہوئی۔ اُس وقت سے آپکے دل میں تڑپ پیدا ہوئی۔ اور حقیقی حسن و جمال کے دیدار وصل کی آرزو اور مشاہدہ کی جُستجو کے انتظار میں بے قرار رہنے لگے۔ آپ نے سکولی علم اور کتابیں نہیں پڑھیں۔ بلکہ سندھی کا پہلا قاعدہ پڑھا ہے قرآن پاک حفظ

کرنے کے بعد آپ نے چک شہباز پور آکر کچھ عرصہ تک بودوباش کی۔

آپ نے جوانی کے دور میں اپنے ہم عمر، خوبصورت، اچھے، باوفا، حسین دوست منتخب کئے۔ جسکو دوست بنایا اُس سے وفا کی۔ مردوں کی طرح ساتھ نبھایا۔ اور اپنی پریت وفا پوری کی۔ یوں تو آپکے دوست بہت تھے۔ جو زیادہ اہلِ سادات سے ہیں۔ ان میں سے خاص جن کی محبت نے آپکو زیادہ متاثر کیا وہ تھے سید حمن شاہ صاحبؒ چک شہباز پور۔ ہادی پاک خود بڑے حسین و جمیل تھے۔ اور حسینوں کو ہی پسند کرتے تھے۔ یعنی حسن پرست تھے۔ اور سید حمن شاہ صاحبؒ نہایت ہی حسین، خوب سیرت وفا قرب والے محبوب سید تھے۔ آپکی اُن سے بے حد محبت اور سچا عشق کمال تھا۔ ایک جیسا رہنا۔ ایک جیسا پہننا۔ ہر حال خیال ایک تھا۔ مطلب عاشق معشوق والی بات تھی۔ ہر وقت اکٹھا رہا کرتے تھے۔ کچھ عرصہ بعد آخر وہ وقت آگیا جو ہر جاندار چیز پر آکے رہے گا یعنی کُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ اور سید حمن شاہ صاحبؒ کا مالکِ حقیقی سے وصال ہو گیا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا عَلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ آپ اُنکی جدائی فراق کی وجہ سے دیوانہ حال ہو گئے

اور اُنکی قبر پر بیٹھ کر باتیں کرنے لگ گئے جیسے کہ رُوبرُو کیا کرتے تھے۔

اور سترہ دن تک یہی سلسلہ جاری رہا۔ یعنی قبر پر بیٹھے رہے مگر وہ بات نہ ہو سکی جو آپ چاہتے تھے۔ آپکو مجازی محبّت کی سخت چوٹ نے دل ضربیلا کر دیا۔ مجازی محبّت کی بے وفائی سے اسی وقت عبرت کی آنکھ کھلی۔ اور حقیقی عشق الٰہی کی طلب میں مُرشد کامل حاصل کرنے کا خیال پیدا ہوا۔ مرشد حقیقی کی تلاش اور جستجو میں سرگرداں ہو گئے اس لئے کہ طالب حق کو مُرشد کامل کے بغیر طریقت کا راستہ و راز روحانی حاصل نہیں ہو سکتا۔ اور اسی خیال سے آپ بزرگوں درویشوں سے ملتے رہے۔ اس اُمید پر کہ شاید میرے دل کا دلبر کوئی محرم راز مل جائے۔ وہاں سندھ میں آپکا ایک دوست تھا اُس نے آپ سے کہا کہ میں نے مُرشد حاصل کیا ہے۔ آپ اُن سے ملیں۔ اور دیکھیں۔ اگر آپکا دل چاہے تو اُنکے طالب ہو جائیں۔ آپ نے فرمایا کہ چلو اُن سے ملتے ہیں۔ دیکھتے ہیں۔ اور معلوم کرتے ہیں کہ وہ کس حال و خیال طریقت کے درویش ہیں۔ آپ اُنکے ساتھ سکھر شہر تشریف لائے۔ اور اُس نے ایک مست مجذوب درویش جو قاضی صاحب

کے نام سے مشہور تھے۔ اُسکے سامنے کر دیا۔ اور کہا کہ یہ ہے میرا مُرشد دیکھ لو۔ آپ نے دیکھا کہ وہ درویش مجذوب تھے۔ لباس نہیں پہنتے تھے مجذوبی حالت میں ننگے بیٹھے رہتے تھے۔ کوئی باعرفان بات نہیں کرتے تھے۔ اور اہل کرامت تھے۔ عام لوگ خلق اپنی اپنی خواہشیں اور مُرادیں حاصل کرنیکی نیت سے اُنکے گرد کافی تعداد میں ہر وقت جمع رہتے تھے۔ لوگوں سے تنگ آکر گالی گلوچ کرتے۔ اور بھاگ کر لوگوں سے خلاصی کرواتے۔ کمرے میں چلے جاتے اور دروازہ بند کر لیتے۔ لیکن لوگ اُنکو وہاں بھی نہ چھوڑتے پھر بھاگ کر باہر آجاتے۔ اُنکا یہ حال دیکھ کر آپکے دل میں خیال آیا کہ اگر میں اِسکا طالب ہو جاؤں۔ تو جیسے یہ آپ ہیں مجھے بھی ایسا ہی ہونا پڑے گا۔ میں ایسا نہیں ہونا چاہتا۔ مجھے ایسا مجذوب و مست مُرشد نہیں چاہیے۔ کیونکہ یہ تو اپنے آپ تک محدُود ہے۔ مجھے تو سالک اور سر مست سلامت مرد مُرشد چاہیے۔ آپ وہاں سے واپس جانے لگے۔ تو اُس درویش قاضی صاحب نے آپ سے مخاطب ہو کر کہا کہ جاؤ جاؤ کہیں جا کر سلطانی قلعہ لگوالو۔ اتنی بات سُن کر آپ واپس چلے آئے۔

آپ بچپن ہی سے شعر گوئی کرتے تھے۔ اور آپکو راگ و سماع سُننے کا بہت شوق تھا۔ اِسلئے دو قوال گانے والے ہر وقت اپنے ہمراہ رکھتے تھے۔ اور اُن سے صُوفی درویش عاشقوں کا عارفانہ کلام سُنتے رہتے۔ سب سے زیادہ حضرت سچل سرمست منصور آخر زمان رحؒ، حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائی رحؒ، حضرت بابا بُلھے شاہ صاحب رحؒ اور حضرت سُلطان العارفین باہُو صاحب رحؒ کے کلام کو دل سے پسند فرماتے تھے۔ آپ اُن قوال صاحبان سے بہت پیار اور اُنکی خدمت کرتے تھے۔ اور انہوں نے بھی آپ سے وعدہ کیا ہُوا تھا کہ ہر حال میں آپکے ساتھ رہیں گے۔ اور وہ آپکے پیار اور دوستی کی قدر کرتے تھے۔ ایک دن آپکو خیال آیا کہ سندھ سے مُلتان شریف چلتے ہیں۔ وہاں اولیاء اللہ کے مزار ہیں۔ جاکر زیارتیں کرتے ہیں۔ شاید ہم وہاں اپنی مُرادیں حاصل کریں۔ آپ بمعہ دو قوال اور ایک ضعیف العُمر درویش۔ جو کہ چک شہباز پور کا تھا۔ اُس نے آپ سے اِلتجا کی کہ، مجھے بھی اپنے ساتھ لے چلو۔ میں بھی اولیاء اللہ کی محبّت اور عقیدت رکھتا ہُوں۔ فی سبیل اللہ میری مُراد پوری ہو۔ آپ نے اُس درویش

کی مسکینی اور عاجزی کو دیکھ کر اُنکو خوشی سے ساتھ لے جانا قبول کیا۔

اور اُنکا خرچ وغیرہ بھی اپنی طرف سے قبول کیا۔ سندھ سے بذریعہ ریل

گاڑی مُلتان پہنچے۔ اور مُلتان کی تمام خاص درگاہوں پر آپ نے

حاضری دی۔ اور ساتھیوں کی خدمت اور اُنکی دیگر ضروریاتِ زندگی

پوری کرتے رہے۔ آپکے پاس جو کچھ تھا وہ ساتھیوں کی خدمت میں

صرف ہو گیا۔ تو آپ نے محنت مزدوری شروع کر دی۔ جو کچھ ملتا۔ اُس

سے اُنکی ضروریات پوری کرتے۔ اس طرح ایک ماہ تک آپ نے

مُلتان میں قیام فرمایا۔ پھر یہاں سے آپؒ نے دوستوں سے اجمیر

شریف جانے کے ارادے کا اظہار فرمایا۔ اُن ساتھیوں نے بھی آپکے

ساتھ جانے کا اِصرار کیا۔ اور ساتھ ہی کہا کہ اب ہم اپنا خرچہ خود برداشت

کریں گے۔ آپکے پاس ایک دو قیمتی اشیاء تھیں جو آپ نے اپنی

حاجت روائی کیلئے صرف کر دیں۔ اور مُلتان سے سمہ سٹہ ریلوے

اسٹیشن پہنچے۔ (یہ اُس وقت کی بات ہے کہ پاکستان ابھی وجود

میں نہیں آیا تھا) سمہ سٹہ سے ریل گاڑی دہلی جایا کرتی تھی یہاں

سے ٹکٹ لے کر دہلی پہنچے۔ دہلی بہت بڑا ریلوے اسٹیشن ہے۔ اسلئے
ہجوم ہونیکی وجہ سے بڑی کوشش سے ٹکٹ حاصل کیا۔ اور دہلی سے آگرہ
پہنچے۔ آپؒ کا خیال تھا کہ مشہور عمارت تاج محل کی سیر کرنی چاہیے۔ اور
سیر کرنے کے بعد وہاں سے اجمیر شریف پہنچ گئے۔ حضرت خواجہ معین
الدین چشتیؒ کا عرس مبارک بھی شروع ہوچکا تھا۔ آپؒ نے جتنے دن اجمیر
شریف قیام فرمایا۔ بلا ناغہ مزار پر حاضری دیتے رہے۔ اور رہبری و رہنمائی
کیلئے دُعا کرتے رہے۔ علاوہ ازیں سجادہ نشین صاحبان سے بھی ملے۔ اور
کئی سادھو، فقیر، درویش، صوفیوں سے بھی ملاقاتیں ہوئیں۔ خواجہ
صاحبؒ کا عرس مبارک اختتام پذیر ہوا تو بمعہ ساتھیوں کے آپؒ دہلی کے
لئے روانے ہوئے۔ وہاں پہنچ کر اولیاء اللہ کی درگاہوں پر حاضری دی۔
اور دعائیں کرتے رہے۔ علاوہ ازیں سجادہ نشینوں سے ملاقاتیں کیں۔ اور
ارادت کا اظہار بھی کرتے رہے۔ آپؒ سے سُنا ہے کہ آپؒ نے ہند میں چار
مُرشد حاصل کئے۔ اور اُن سے اوراد و وظائف بھی حاصل کئے۔ لیکن
آپکے دل کی اصل مُراد فقیر مُرشد کی تلاش تھی۔ وہ فقیر جو اللہ کی توحید

وحدت میں گم باثبات ہو۔ خیر آپؒ نہ اُمید نہ ہوئے۔ اور کچھ عرصہ بعد آپؒ

بمعہ ساتھیوں کے واپس سندھ تشریف لے آئے۔ آپؒ پر حال دیوانگی

وارد ہوا۔ کہیں دل نہیں لگ رہا تھا۔ درد سوز و فراق، مست حال،

اور بے خودی کے عالم میں ہر چیز سے بیزار ہو کر تنہائی اختیار کی۔ اور

خلقت سے دُور ویران جگہوں اور جنگلوں میں رہنے لگے۔ آپؒ مردِ

مُجرّد رہے ہیں۔ اس وقت آپؒ کی عُمر سترہ اٹھارہ سال تھی۔ طریقت کا

راستہ طہ کرنے کیلئے اور کامل مُرشد حاصل کرنیکے واسطے اپنے آبائی

گاؤں سے مست اور مجذوبی رنگ میں بے اختیار بغداد شریف کی

طرف مُنہ کر لیا۔ آپؒ نے اپنے اللہ کو مددگار اور محافظ سمجھ کر رات کو ایک دو

بجے ننگے پاؤں قطب کی طرف پیدل سفر کا آغاز کیا۔ سفر کی سختی اور

مُشقت برداشت کرنے سے آپؒ کے پاؤں مبارک سوجن کیوجہ سے

زخمی ہونے لگے۔ مگر آپؒ نے تکلیف اور مُصیبت بلکہ ہر بلا سے بے نیاز

جسم و جان سے بے پرواہ اپنا سفر محبت کا سفر جاری رکھا۔ راستے میں

جب کوئی دربار اللہ والے کا مزار آتا تو وہاں حاضری دے کر دُعا لیتے۔

اور آگے چلے جاتے۔ چلتے چلتے اچانک پہلی منزل حضرت سلطان العارفین باہو با خدا رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر آ پہنچے۔ (یہاں ایک بات واضع ہو کہ حضرت سیّد موسیٰ شاہ صاحبؒ جیلانی گھوٹکی والے اولیاء اللہ میں سے ہیں۔ انہوں نے ہی آپؒ کو بشارت دی۔ اور وہ اپنی زندگی میں حضرت سلطان باہو صاحبؒ کے خاص عقیدت مند، طالب طریقت اور روحانی رفیق تھے) آپؒ نے حضرت سلطان باہو صاحبؒ کے مزار پر حاضری دی اور سلام عرض کرنیکے بعد آپؒ نے سجادہ نشین سے ملاقات کی۔ سجادہ نشین آپؒ کو مجذوب مسکین حال، پُردرد درویش دیکھ کر آپؒ سے محبّت اور اخلاق سے پیش آئے۔ اور رہنے کیلئے ایک حجرہ دیا گیا۔ لنگر صبح و شام درگاہ شریف کے لنگر خانے سے ایک خاص خلیفہ آپؒ کو دے کر جاتا تھا۔ لیکن آپؒ لنگر نہیں کھاتے تھے۔ بلکہ وہ لنگر حُجرے کی ایک باری میں رکھتے جاتے۔ زیادہ بھوکا اور پیاسا رہنے کو ترجیح دیتے۔ لگاتار سات روز آپؒ بھوک اور پیاس برداشت کرتے رہے۔ آٹھویں روز بھوک اور پیاس نے بالکل نڈھال کر دیا۔

اور کچھ کھانے کے سوا چارہ نہ تھا۔ آپؒ نے ارادہ کیا کہ کھانا کھانے کی بجائے کوئی اور چیز کھا لیتا ہوں۔ پھر آپؒ جنگل کی طرف چلے گئے۔ وہاں ون کے درخت جنکو سندھی زبان میں کھبڑ کہتے ہیں اور انکو پھل پیلو لگتے ہیں۔ آپؒ ایک درخت پر چڑھے اور کچھ پیلو کھانے کے بعد جب نیچے اترنے لگے۔ نیچے دیکھا تو ایک بہت بڑا سانپ واسینگ نسل کا کالا۔ جہاں پاؤں رکھنا ہے وہاں وار کرنے کیلئے بالکل تیار بیٹھا ہوا ہے۔ آپؒ نے سانپ کو دیکھا تو پاؤں مبارک اوپر کر لیا۔ ساتھ ہی دل سے آواز آئی کہ اے فقیر تو نکلا تو ہے اللہ کا عشق و دیدار حاصل کرنے کو۔ اور اب صرف سانپ کو دیکھ کر جان پیاری کرتے ہو۔ یہی خیال تھا کہ آپؒ نے اپنا پاؤں مبارک سانپ کے اوپر دے مارا۔ اور وہ فوری طور پر غائب ہو گیا۔ نیچے آ کر دیکھا تو وہ کہیں بھی نظر نہ آیا۔ آپؒ واپس درگاہ پر آ گئے۔ اور اسی حجرے میں چلے گئے۔ بھوک پیاس سفر کی مشقت اور مجاہدہ کی وجہ سے نیم بیہوش ہو گئے۔ اور اسی حال میں آپؒ کو حضرت سلطان العارفین باہو باخدا رحمۃ اللہ علیہ نے زیارت عطا فرمائی۔ اور روحانی طور پر کچھ

رازِ رموز کی باتوں سے آگاہ فرمایا اور کچھ چابیاں پیش کیں۔ اور فرمایا

کہ ہمارے لنگر سے لنگر کھاؤ اور آگے چلو۔ باہو صاحبؒ نے حضرت داتا گنج

بخش فیض عالمؒ کی طرف اشارہ فرمایا کہ لاہور جاؤ اور مراد پاؤ۔ آپ نے

دوسرے دن ہی وہاں سے اجازت لی۔ اور پیدل سفر کا آغاز کیا۔ چلتے

چلتے لاہور شریف سردار سخی مخدوم علی ہجویری حضرت داتا گنج بخش فیض عالمؒ

کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے۔ اور مقصود حاصل کرنے کیلئے روزانہ

رات کو ایک دو بجے طواف کرتے۔ اور سرہانے کی طرف بیٹھ کر صبح تک

حاضری دیتے رہتے۔ اور پھر باہر آکر برگدھ (بوڑھ) کے ایک درخت کے نیچے

بیٹھ جاتے۔ اور مجذوبیت کی حالت میں ایک جگہ بیٹھے دن گزارتے۔ آپؒ

کے سر کے بال، ریش مبارک کے بال اور ہاتھوں و پاؤں کے ناخن

بھی بہت بڑھ گئے تھے۔ اور پیدل سفر کرنیکی وجہ سے آپؒ کے پاؤں

مبارک بھی زخمی ہو چکے تھے۔ آنے جانے والے لوگ آپؒ کو مجذوب

درویش سمجھ کر دعا لینے کی نیت سے کھانے پینے کی چیزیں اور پیسے

وغیرہ آپؒ کے قریب رکھ جاتے۔ لیکن آپؒ کسی چیز کو ہاتھ نہ لگاتے۔ اور

شام کو جب حاضری کیلئے درگاہ شریف کے اندر جاتے۔ تو ایک محتاج درویش جو آپؒ کے پاس بیٹھا ہوتا تھا۔ اُسے اشارہ کرتے کہ یہ اٹھا لو۔ تو وہ اٹھا لیتا تھا۔ آپؒ طواف کرنیکے بعد سرہانے کیطرف مراقبے میں بیٹھے داتا سرکار کے حضور حال دل پیشِ خدمت کرتے رہتے۔ کہ مجھے فقیر مرشد چاہیے۔ جو کہ مجھے طریقت کے راستے اور رازِ حق سے شناسا فرمائے۔ کئی روز تک آپؒ حاضری دیتے رہے اور اسی دوران ایک فقیر پاک درویش سفید پوش سفید ریش مبارک اور نورانی چہرہ کو بھی دیکھتے رہے۔ وہ نیک بزرگ رات کو ایک دو بجے کے قریب آتے اور حاضری و طواف کرنیکے بعد واپس تشریف لیجاتے۔ اٹھارھویں رات آپؒ کے دل میں خیال آیا کہ اس پاک درویش کو ملنا چاہیے۔ کہ یہ کہاں سے تشریف لاتے ہیں اور کہاں تشریف لے جاتے ہیں۔ اگلی رات جب وہ نیک و پاک درویش طواف کر کے واپس چلے تو آپؒ اُنکے پیچھے چل پڑے۔ جب وہ اپنے حجرے میں داخل ہونے لگے جو کہ دربار شریف کے قریب ہی تھا۔ تو آپ نے ایک مجذوب نوجوان کو پیچھے آتا دیکھا۔ تو جھڑک کر فرمایا کہ تم کون ہو اور میرے پیچھے

کیوں آرہے ہو۔ چلے جاؤ وہاں جہاں سے آئے ہو۔ اور آپؒ تھوڑی دیر رک کر واپس آگئے۔ اسی طرح پھر اگلی رات بھی یہی سلسلہ جاری رہا۔ اور پہلی رات کی طرح پھر ڈانٹ کر فرمایا کہ مجھ سے کیا کام ہے۔ جاؤ داتا کے پاس چلے جاؤ۔ پھر آپؒ واپس آکر اندر درگاہ شریف میں بیٹھ گئے۔ اور دل میں خیال اُترا کہ شاید میرے دل کی مُراد داتا صاحبؒ کی طرف سے میرے نصیب میں نہیں ہے۔ چلو اب بغداد شریف چلتا ہُوں حضرت پیرانِ پیر دستگیر، محبُوبِ سُبحانی شیخ عبدالقادر جیلانی رَحمۃُ اللّٰہ عَلیہ کی خدمت میں حاضر ہوتا ہُوں۔ وہ پیروں کے پیر دستگیر ہیں۔ وہ میری مُراد ضرور پُوری فرمائیں گے۔ یہی خیال تھا اور اکسویں رات کی صُبح ہونیوالی تھی۔ اور وہ فقیر پاک درویش آپؒ جنکے پیچھے جایا کرتے تھے اِس پاک ہستی کی صُورت آپؒ کے دل میں داخل ہو چکی تھی۔ اُس پاک ہستی نے اپنے ایک طالب سے فرمایا کہ درگاہ کے اندر جاؤ۔ اور سرہانے کی طرف ایک مجذُوب درویش بیٹھا ہُوا ہے۔ اُس کے کان میں جا کر یہ بات کہو کہ آپ کو باہر فقیر درویش بابا بُلا رہے ہے۔ اُس طالب نے آکر دیکھا کہ مجذُوب

درویش بیٹھا ہوا ہے۔ اس نے سلام عرض کیا۔ اور آپؒ کے کان میں کوئی راز کی بات کہی اور کہا کہ میرے ساتھ آؤ باہر بابا جی آپ کو بُلا رہے ہیں آپؒ اُٹھے اور اس کے ساتھ چل دیئے۔ جب میں دروازے کے سامنے نظر اُٹھائی تو دیکھا کہ وہ ہی پاک ہستی جن کو میں روز دیکھتا تھا۔ اور جو مجھے نزدیک نہیں آنے دیتے تھے۔ وہ سامنے انتظار میں بیقرار کھڑے ہیں۔ آپؒ جب نزدیک ہوئے تو فقیر پاک درویش کے قدم بوس ہو گئے۔ تو انہوں نے بڑی محبت شفقت پیار سے اُٹھا کر سینے سے لگالیا۔ اور مُنہ سر چُوما۔ پھر سندھی زبان میں فرمایا کہ "بچہ اوھاں سچے سائیں جی امانت ھت آیا آھیو"۔ آپؒ سچے سائیں کا نام اور سندھی بولی سُن کر حیرت میں آئے کہ سچے سائیں بادشاہ یہاں بھی آئے ہوئے ہیں۔ اور رُوح کو خوشی حاصل ہُوئی۔ آپؒ تمام دُکھڑے اور کشالے پل بھر میں بھول گئے۔ اور ایک نئی زندگی کا آغاز ہُوا۔ اور عجز میں آکر بولے جی میرے مالک یہ مسکین مُدّت مزید سے آپکے دیدار اور وصل کی خاطر ہند سندھ میں آپکو ہر جگہ تلاش کرتا رہا۔ آپ کی خدمت اور آپ کو حاصل کرنے کیلئے حاضر ہوا ہُوں۔ اللہ داتا کا بے

انتہا احسان ہے کہ جیسا مرشد ہادی میں چاہتا تھا۔ وہ محبوب مرشد مجھے ملا دیا۔

شکر اللہ الحمدللہ ربّ العالمین۔ یہ وہ پاک ذات حضرت بابا محمد شفیع صاحبؒ

عرف قلندر علی درازیؒ ہیں۔ جو ازل سے پہلے آپؒ کے روحانی پیر و مرشد

تھے۔ وہ اُس دن رُوبرُو سامنے آئے۔ دیدار وصل اور ملاقات ہوئی۔ اور

دو دل ایک ہوئے۔ بابا سائیں صاحبؒ نے فرمایا کہ میں بھی چودہ سال

فیض عالم داتا غریب نوازؒ سے دُعا کرتا رہا کہ مجھے اللہ کا ایک ایسا طالب عطا

فرما جو تارک الدنیا، تارک الوطن، تارک الوجود، طالب حق اور میرے مرشد

کی بولی کا ہو۔ یعنی سندھی ہو۔ سو آج حضرت داتا غریب نوازؒ نے میری

دُعا قبول فرمائی۔ اور آپ مجھے مِلے۔ میرے دل کی مُراد پوری

ہوئی۔ اور آپ بھی با مُراد ہوئے۔ یہ اللہ داتا کا فیض ہے کہ وہ کسی کو

بے مُراد اور اپنی رحمت سے محروم نہیں کرتا۔ حضرت بابا سائیں صاحبؒ

نے فرمایا آؤ میرے ساتھ اور آپکو ایک حمام میں لے گئے۔ حجام سے کہا کہ

اِسکے سر اور ریش مُبارک کے بال صاف کر دو۔ بعد میں غسل کروایا۔

ہاتھوں اور پیروں کے ناخن بہت بڑھے ہوئے تھے وہ آپ نے اپنی

جیب سے چاقو نکالا اور خود صاف کئے۔ آپؒ کے جسم پر پھٹی ہوئی شلوار کے علاوہ کوئی کپڑا زیب تن نہیں تھا۔ اس وقت بابا سائیں صاحبؒ محلہ بلال گنج میں اپنے طالبان و عزیزان بابا محمد زمان سائیں کے گھر پر قیام فرماتے۔ آپؒ کو وہاں لے گئے اور اپنے نئے کپڑے پہنائے۔ اور صاف ستھرا رہنے کی تلقین فرمائی۔ اور دست بیعت کر کے صوفی قادری قلندری سچّے سائیں کے فقر سے پیوست کیا۔ اور طریقت کے اسمِ مبارک سائیں راضی فقیر کے لقب سے نوازا۔ اور تین ماہ تک اپنی مخصوص صحبت میں رکھ کر مجذوبیت اور مستی سے سالکیت اور شریعت میں لے آئے۔ علم تصوّف کے حقائق سے روشناس کر کے فقیری فن و راز رموز بتا کر معرفت، طریقت اور حقیقت حال سے آگاہ فرما کر مقام کمال با جمال عطا فرمایا سالکیت و سرمستی حال اور محویت میں محو صحیح حال صحو بحر عمیق میں غوطہ زن کر کے وحدت واحد میں مقصود اللہ سے ملا دیا یہ آپؒ کے پانچویں کامل مرشد ہیں جنہوں نے آپؒ کو فیض فقیری، رمز روحانی راز سے آشنا فرمایا۔ آپؒ فرماتے ہیں کہ ہادی مرشد نے مجھے کفر اور اسلام تمام

مذہبوں کی قید سے آزاد فرمایا۔ اور وحدت حقیقی کا جام پلایا۔ آپؒ گاہے
بگاہے اپنے ہادی مرشد کی تعریف میں فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے ہادی
محبوب جیسا بے ریا سچا فقیر پُرنور شفقت والا اور پُر محبت مخلص درویش
کوئی نہیں دیکھا۔ جس نے مجھے اپنی ہستی سے نکال دیا۔ اور اللہ کے
عشق و محبت میں سرمست بنا دیا۔ اب میں سوائے اللہ کچھ نہیں جانتا۔ جو
پہلے تھا وہ ہی پا لیا۔ جو ایک دم بھی جدا نہیں ہو سکتا۔ چودہ طبق کے اندر باہر
حی القیوم قدیم بس رہا ہے۔ الحمد للہ سب تعریف ذات حق کیلئے ہے۔ آپ
ہی دیکھتا، سنتا جو چاہتا ہے کر ڈالتا ہے۔ اللہ باقی ومن کل فانی" یہاں
بابا سائیں سخی محمد شفیع صاحبؒ کا ذکر تحریر میں لانا ضروری ہے کہ آپ
سرکار نارووال شریف میں پیدا ہوئے۔ بچپن وہاں گزارا۔ وہیں سے
علم شریعت حاصل کیا اور کافی تعلیم یافتہ تھے۔ آپؒ محکمہ مال میں پٹواری
بھی تھے۔ جب اللہ پاک کے عشق محبت نے دل پر غلبہ کیا تو پٹوار خانے
کو تالا دے کر چادر اور حقہ ساتھ لیا۔ اور بے اختیار مرشد کی تلاش میں
سندھ کی طرف پیدل سفر شروع کیا۔ اور چلتے چلتے ملتان پہنچے۔ ملتان

میں خاص درگاہوں پر حاضری دی۔ اور حضرت شاہ شمس تبریزؒ کی

درگاہ میں حاضر ہوئے تو آپؒ فاقے سے تھے۔ درگاہ کی طرف سے لنگر آیا

تو آپؒ نے واپس کر دیا۔ کہ میں روزے سے ہوں۔ تو حضرت شاہ شمس تبریزؒ

نے باطن سے آواز دی کہ اے درویش کھانا نہ کھانے سے خدا نہیں ملتا۔

ہمارے لنگر سے کھانا کھاؤ۔ اور آگے بڑھو۔ حضرت شاہ شمس تبریزؒ نے آپکو

حضرت سچل سرمست منصور آخر زمانؒ کی طرف اشارہ فرمایا کہ وہاں

چلے جاؤ۔ وہاں آپ کی دلی مُراد پوری ہوگی۔ آپؒ نے پیدل ہی

پیدل سفر کا آغاز کیا۔ اور سندھ درازہ شریف پہنچ گئے۔ وہاں درگاہ سچے

سائیں صاحبؒ پر آپکے سجادہ نشین جناب سُلطان العاشقین حضرت سخی

قبول محمد ثانیؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اور دیکھتے ہی دل نظرانہ پیش

کیا۔ ارادہ عقیدہ ظاہر کیا کہ میں آپ اور آپکی محبّت کے سوا اور کچھ نہیں چاہتا۔

صرف آپ سے آپکو ہی چاہتا ہوں۔ مجھے اپنی صُحبت خدمت میں

قبول فرمائیے۔ سخی سائیں صاحبؒ نے آپکو اپنی صُحبت میں قبول فرما کر

دستِ بعیت کیا۔ اور طریقت کا نام فقیر قلندر علی صوفی قادری رکھا۔ چودہ

سال تک اپنی صحبت خدمت حاضر ڈیوٹی میں ہر وقت قُرب میں قریب

رکھا۔ اور فیض درازی عطا فرمایا۔ اور الٰہی راز رموزِ حقیقت حق سے

روشناس فرمایا۔ چودہ سال بعد جب آپ مکمل اسرار الٰہی سے روشناس

ہوئے تو حضرت سخی قبول محمد ثانیؒ نے آپ سے فرمایا کہ آپ فقر و فقیری

حال و اسرار الٰہی رمز روحانی سے مکمل اپنا مقصود پا چکے ہو۔ اب خیال

یہ ہے کہ آپکی والدہ صاحبہ ضعیف العمر ہیں۔ اور آپکو بہت یاد کر رہی ہیں اس

لئے اب آپ واپس جائیں۔ اور اپنی والدہ صاحبہ کی خدمت کریں۔ اور

اُن کے رُوح کو راضی کریں۔ اور حضرت داتا گنج بخش فیض عالم مظہر نور

خُدا رحمۃ اللہ علیہ کی درگاہ اقدس میں سلام و حاضری دیتے رہیں۔ اُداس نہ

ہو ویں میرا ہونا آپکے ساتھ ہے۔ آپ وہاں سے مُرشد کے اَمر و حکم سے

لاہور تشریف لائے۔ اور چودہ سال کے بعد والدہ صاحبہ سے مُلاقات ہوئی

اُن کا دل خوش اور رُوح راضی کیا۔ اور کچھ عرصہ بعد آپکی والدہ صاحبہ

وفات پا گئیں۔ اور آپ چودہ سال تک رات کو ایک دو بجے روزانہ

حضرت داتا گنج بخشؒ کی درگاہ اقدس میں حاضری دیتے رہے ہیں

اور داتا کے گُن گاتے رہے۔ اور طالب حق ملانے کی دعا عرض

کرتے رہے۔"

اسی دوران رہائش گاہ پر ایک دن بابا سائیں صاحبؒ نے بطور آزمائش

آپ سے فرمایا کہ راضیؒ سائیں اب تیرے لئے دو راستے ہیں۔ پہلا یہ کہ

اگر تو شادی کرنا چاہے تو تمہاری شادی کسی بادشاہ کی لڑکی سے بھی

ہو سکتی ہے۔ جب آپ نے شادی کا لفظ سنا۔ تو آپؒ نے رونا شروع کر

دیا اور روتے روتے بیہوش ہو گئے۔ بابا سائیں صاحبؒ نے پیار دلاسہ

دے کر پھر صحیح الحال کیا۔ اور پوچھا کہ بیٹے آپ روئے کیوں ہیں۔ آپؒ نے

فرمایا کہ اے میرے دل کے بھید و ہر حال و خیال کے جاننے والے محرم

راز مالک یہ مسکین تیرا تیری ذات پاک کی محبت یگانگت عشقِ حقیقی

درد عشق کے سوا کچھ نہیں مانگتا۔ صرف آپ ہی سے آپکو دیکھنا چاہتا ہوں۔

آپکی ذات پاک کے راستہ کے سوا اور کوئی راستہ نہیں جانتا۔ اور تمام

راستے بھول چکا ہوں۔ سوا تیری ذات ختم کل بات۔ اور آپ جناب

کی دو راستے کی بات برداشت نہ کر سکا اور رو پڑا آپؒ جناب اور بابا سائیں

صاحبؒ بھی ساتھ ہی روتے رہے اور فرمایا کہ اے میرے راکھی پتر

تونے تو میرا کلیجہ لوٹ لیا ہے۔ سبحان اللہ الحمدللہ۔ جیسا طالب صادق

داتا سے مانگا تھا ویسا ہی عاشق دردمند مرد خدا سچا فقیر مجھے عطا فرمایا۔

اور فرمایا کہ چلو پتر فقیر ہی ہونا ہے تو جاؤ پھر کہیں چل کر آستانہ بناؤ اور جوگی

عشق کماؤ۔ آپؒ نے پوچھا کہ سرکار کہاں، کدھر، کس طرف ہو۔ تو بابا سائیں

صاحبؒ نے فرمایا یہ اندر جا کر داتا صاحبؒ سے پوچھو اور ساتھ ہی آپؒ نے

فرمایا کہ ضلع لاہور کے اندر داتا کی نگری میں ہی ہونا چاہیے۔ عام راستہ

اور شہری آبادی سے دُور جہاں ویران جنگل کی طرح تنہائی ہو۔ اور

رات کی تاریکی میں ستارے نظر آئیں۔ خیر آپؒ درگاہ حضرت داتا صاحبؒ

کے اندر گئے رُوحانی طور پر رجوع ہو کر اجازت لی۔ اور جنوب کی طرف

مُنہ کر لیا۔ آگے آکر نہر کے کنارے کنارے چلتے آئے۔ جب تیرھویں

میل پر پہنچے تو وہاں آکر آپؒ کے قدم مُبارک رُک گئے۔ ادھر اُدھر دیکھا کہ

ایک کھالا نہر سے نکلتا ہے۔ کھال کے ساتھ بوٹے اور جھاڑیاں تھیں۔

اُن میں خلق سے چھپ کر بیٹھ گئے۔ وہاں ہاتھوں سے جگہ بنا لی اور

بیٹھے رہے کسی کو پتہ ہی نہ تھا۔ پھر کچھ دنوں کے بعد چرواہوں نے آپکو
دیکھ لیا۔ اور شک کیا کہ یہ نوجوان کوئی مفرور یا ڈاکو لگتا ہے۔ پھر وہ شک کرنیوالے
لوگ آپؒ سے آکر ملے۔ اور آپؒ اُن سے پیار و اعلیٰ اخلاق اور مسکینی سے
پیش آئے۔ اور فرمایا بھائیو جو تم نے گمان کیا ہے میں وہ نہیں ہوں۔ میں
تو درویش فقیر مسکین ہوں۔ جو محض اللہ پاک کی محبت میں مستانہ
دیوانہ ہو کر عام خلق سے روگردانی اختیار کر کے یہاں جھاڑیوں میں
بیٹھا ہوں۔ وہ لوگ آپکی پیاری باتوں و پیار میں آکر آپؒ سے پیار محبت
کرنے لگے۔ تیرہ دن وہاں رہے۔ اُسکے بعد مشرق کی طرف دیکھا تو
ایک بہت بڑا ٹیلہ (ٹبہ) نظر آیا۔ آکر دیکھا کہ وہ بہت خطرناک جگہ تھی زہریلی
چیزیں سانپ وغیرہ بے شمار تھے اور جنات کا گڑھ تھا۔ وہاں کے قریبی
لوگ اس جگہ سے ڈر کے مارے دُور دُور سے گزر جاتے تھے۔ آپکو یہ
جگہ بہت پسند آئی اور یہیں ہاتھوں سے ریاضت شروع کر دی۔ ہاتھ لگانے
سے ہاتھ میں بعض دفعہ سانپ بھی آجاتا۔ سانپوں کو مارتے رہے اور
صفائی کرتے رہے۔ اور ایک چھوٹی سی جھونپڑی بنالی۔ جہاں صرف

ایک دو آدمی ہی بیٹھ سکتے تھے مُرشد کے امر سے گدا کیلئے جاتے تھے۔ جو

ملتا وہ چڑیوں اور جانوروں کو ڈال دیتے اور ان سے پیار کر کے دل

بہلاتے۔ رات کو بیدار رہتے تھے اور بُلند آواز میں قرآن مجید کی تلاوت کرتے

رہتے۔ وہاں ایک پرانے درخت کے تنے میں ایک کالا سانپ دن کو چھپا

رہتا تھا۔ اور رات کو آپکی تلاوت سُننے کیلئے باہر آجاتا اور مستی میں آجاتا

کیونکہ آپؒ سوز اور محبت بھری آواز میں تلاوت فرماتے تھے۔ ایک رات

دو مشکوک آدمی آپکو شہید کرنیکی نیت سے آئے۔ جب وہ جھونپڑی کے

قریب ہونیوالے تھے جہاں آپؒ بیٹھے ہوئے بُلند آواز میں تلاوت

قرآن پاک کر رہے تھے۔ تو وہ سانپ اُن آدمیوں پر حملہ آور ہوا۔ تو وہ

بھاگ نکلے۔ جب آپؒ نے اُنکے قدموں کے بھاگنے کی آواز سُنی تو باہر

آکر اُنکو آواز دی کہ تم کون ہو اور اس وقت کس لئے آئے ہو۔ تو وہ یہ

آواز سُن کر رُک گئے۔ پھر آپؒ نے فرمایا کہ اِدھر میرے پاس آؤ کیا چاہتے

ہو۔ تو انہوں نے خوفزدہ ہو کر کہا کہ جناب پہلے آپ ہمیں معاف کر دیں

پھر ہم آپ کے پاس آتے ہیں۔ تو وہ واپس آئے۔ اور آپؒ نے اُن

سے پوچھا کہ آپ کس ارادے سے آئے تھے۔ تو انہوں نے جواب دیا
کہ جناب ہم آپکو قتل کرنیکی نیت سے آئے تھے۔ اور یہ بلا اژدھا آپکی
حفاظت کر رہا ہے۔ اور ہم پر حملہ آور ہوا اور ہم ڈر کر بھاگ نکلے۔ تو آپؒ نے
فرمایا کہ جو نیت لے کے آئے ہو وہ ضرور پوری کرو۔ آپؒ اُن کے آگے
سر جھکا کر بیٹھ گئے کہ اپنا کام پورا کرو۔ تو وہ لوگ بڑے شرمسار ہوئے اور
عجز و نیاز میں آکر آپؒ سے معافی مانگی۔ لیکن آپؒ نے پھر اُن سے
ڈانٹ کر کہا کہ جس نیت سے آئے ہو اُسے پوری کرو۔ میں تو اللہ کی
راہ میں موت کو گلے لگائے بیٹھا ہوں۔ جلدی کرو۔ پھر وہ زیادہ
پریشان اور پشیمان ہوئے۔ اور عاجزی میں آکر آپؒ کے قدموں پر
گر پڑے اور آہ زاری کرنے لگے کہ سرکار ہمیں معاف فرما دیں ہم
غلطی پر ہیں۔ تو آپؒ نے رحم میں آکر انہیں معاف کر دیا۔ اِدھر حضرت
بابا سائیں صاحبؒ کا خیال بھی ہر وقت ہر گھڑی آپکی طرف تھا۔ ایک
دو ماہ بعد جناب بابا سائیں صاحبؒ نے اپنے مریدوں طالبوں سے
فرمایا کہ اے فقراء طالبان آپ لوگ مل کر راضیؒ سائیں کو تلاش کرو۔

کہ وہ اسوقت کہاں ہیں تو انہوں نے عرض کی کہ جناب وہ سندھی آدمی

تھا۔ وہ تو واپس سندھ چلا گیا ہوگا۔ کیونکہ سندھ کا آدمی یہاں پنجاب میں نہیں

رہ سکتا۔ آپؒ نے فرمایا کہ یہ کبھی نہیں ہو سکتا کہ وہ سندھ چلا جائے کیونکہ وہ میرا

عاشق طالب حق ہے۔ اور وہ یہیں کہیں ہے۔ وہ واپس نہیں جا سکتا جاؤ اور

اُنکو تلاش کرو۔ تو اُنہوں نے لاہور شہر کے درباروں اور مزاروں پر جانا

شروع کر دیا کہ شاید کسی دربار پر ہی ہوگا۔ وہ صبح کو تلاش کرنے کیلئے نکلتے

اور شام کو واپس آکر عرض کرتے کہ ہم نے تمام درباروں اور مزاروں پر

تلاش کیا ہے مگر راضی سائیں نہیں ملے۔ تو بابا سائیں صاحب نے اُنکو ڈانٹ

کر فرمایا کہ وہ درباروں اور مزاروں پر نہیں ملے گا۔ وہ کہیں ویران جگہ یا

جنگل میں ہوگا۔ اُس وقت آپکا ایک طالب جسکا نام مکھن فقیر تھا۔ اور وہ

جوانی کے وقت میں چور پیشہ آدمی تھا۔ اور اس علاقے سے واقف

تھا۔ اُن سے فرمایا کہ تم راضی سائیں کو تلاش کر سکتے ہو۔ اسلئے کہ تو اس

علاقے کا واقف ہے۔ جاؤ اور تم ہی تلاش کرو۔ وہ اتفاقی اِدھر

چوہنگ کی طرف ہی آیا۔ اور وہاں سے پوچھا کہ کوئی درویش

نوجوان کس نے بیٹھا ہوا کہیں دیکھا ہو۔ ساتھ ہی حلیہ بیان کیا۔ تو جن
لوگوں نے آپکو دیکھا ہوا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ نہر کے مشرقی جانب
ایک ٹیلے (ٹبے) پر جھاڑیوں میں نوجوان درویش ہم نے دیکھا ہے
اس نے کہا کہ میرے ساتھ چلو اور مجھے دکھاؤ۔ وہ ساتھ آئے اور آکر دیکھا
سید راضی ؒ سائیں بیٹھے ہوئے ہیں۔ حق موجود بلایا۔ بابا سائیں صاحبؒ کا
سلام اور پیغام دیا کہ بابا سائیں صاحبؒ نے ہمیں حکم دیا ہے کہ ہم آپ کو
تلاش کریں اور ہم آپکو کافی عرصہ سے تلاش کر رہے ہیں۔ یہ ذمہ داری
خاص طور پر مجھے سونپی گئی کہ میں آپکو تلاش کروں۔ اور آج آپؒ مجھ کو
ملے ہیں تو بڑی خوشی ہوئی ہے۔ اب میں بابا سائیں صاحبؒ کو جاکر
بتاتا ہوں کہ میں راضیؒ سائیں سے ملکر آیا ہوں۔ وہ واپس بابا سائیں
صاحبؒ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ سرکار میں راضیؒ سائیں
کو دیکھ کر آیا ہوں۔ وہ چوہنگ کے قریب مشرق کی طرف ایک
ٹیلہ (ٹبہ) پر جھونپڑی بنا کر بیٹھے ہوئے ہیں۔ اُس وقت بابا سائیں
صاحبؒ نے فرمایا کہ مجھے بھی وہاں لے چلو۔ اور راضیؒ سائیں سے ملاؤ

میرا دل اُنکے لئے بہت اُداس ہے۔ آپؒ طالبان فقراء کے ساتھ

یہاں آپکے پاس تشریف لائے۔ آپؒ کو دیکھ کر بابا سائیں صاحبؒ کا

دل باغ بہار ہو گیا۔ اور بہت خوشی کا اظہار کیا۔ دُعائیں دیں کہ اللہ سچا

سائیں آپکا فقر روشن کرے۔ اور عشقِ حقیقی میں ثابت قدم و سرفراز رکھے

بابا سائیں صاحبؒ آپکی جھونپڑی میں بیٹھ گئے اور کچھ دیر بعد باقی طالبان

فُقراء سے فرمایا کہ تم لوگ اب جاؤ۔ اور اپنے کام کاج کرو کیونکہ تم لوگ ملازمت

پیشہ اور دنیاوی کاروبار میں مصروف رہتے ہو۔ میں راضیؒ سائیں کیلئے

ہوں اور راضیؒ سائیں میرے لئے ہے۔ یہ میرا ہے میں اِنکا ہوں جس نے

راضیؒ سائیں کو دیکھا اُس نے مجھے دیکھا۔ اب میں اِنکے ساتھ ہی رہوں گا۔ اور

یہ طالب و مطلوب اُسی جھونپڑی میں سردی کے موسم میں اوپر

نیچے پرالی ڈال کر گزارہ کرتے رہے۔ کانوں کی اس جھونپڑی کو

محل سے بہتر سمجھا۔ اور پرالی کا بچھونا پھولوں کی سیج سے اچھا لگا۔

دُکھوں کو سُکھ جان کر دُکھوں سے پیار کیا۔ کسی سے سوال نہیں کیا کہ

ہمیں بستر کی حاجت ہے۔ بابا راضیؒ سائیں صاحبؒ نزدیک گاؤں

ناصر گنج سے ننگے سر پانی کے مٹکے بھر کر لاتے. آنے جانے والے لوگوں کو پلاتے رہتے. اور خدمت کرتے. کچھ لوگ حُقّہ پینے کیلئے بھی آجاتے لوگ پانی ضائع کر دیتے تو آپ پھر بھر کر لے آتے. حُقّہ پینے والوں کیلئے مَچ بھی لگاتے تھے. ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ بابا راضی سائیں صاحبؒ نے کسی پانی پینے والے کو پانی ضائع کرنے پر کہا کہ بھائی یہ پانی پینے کیلئے ہے ضائع کرنے کیلئے نہیں ہے. تو بابا سائیں صاحبؒ نے ہادی پاک سے فرمایا کہ

[اے بیٹے پانی ڈولن دا مچ پھولن دا تے فقیرا تیرا کی کم وچوں بولن دا.]

یعنی آپ نے کیوں کہا کہ پانی ضائع کرتے ہو اور مچ پھولتے ہو. اسکے بعد آپؒ نے اپنے بابا سائیں صاحبؒ کے حُکم پر عمل کرتے ہُوئے کبھی بھی کسی کو کچھ نہیں کہا. بابا سائیں صاحبؒ ہر جمعرات کو حضرت داتا سخیؒ کی حاضری کیلئے تشریف لے جاتے. اور اپنے ہمراہ ہادی پاک کو بھی لے جایا کرتے. اور دوسرے دن واپس تشریف لایا کرتے

ایک دفعہ بابا سخی سائیں صاحبؒ نے فرمایا کہ میں یہی چاہتا تھا کہ ایسی جگہ رہوں جہاں رات کو صرف چاند ستارے نظر آئیں. اور

رات کی تاریکی و تنہائی میں اللہ پاک سے باتیں کریں۔ آپ کی یہ جھونپڑی مجھے دل سے پسند ہے۔ یہاں سکون اور امن ہے۔ شہر کی طرح شور و غل نہیں ہے۔ رات کی تاریکی، ستاروں کی چمک اور چاند کی روشنی سے دل و آنکھوں کو ٹھنڈک و راحت ملتی ہے اور محبوب حقیقی کی محویت و حال و خیال میں کوئی حجاب و خلل حائل نہیں ہوتا۔ آج سے آپکی اس جھونپڑی کا نام امن پور ہے۔ انشاء اللہ آہستہ آہستہ اس جھونپڑی سے آستانہ امن پور آباد ہوگا۔ آپکا فقر روشن ہوگا۔ آپکا اپنا دیوان ہو گا۔ اور درس وحدت و توحید اور فقر کا گھر ہوگا۔ (یعنی دار الفقرا امن پور شریف مشہور ہوگا) میں نے آپکو اس علاقے کا راجہ بنا دیا ہے۔ آپ راجے بادشاہ ہیں۔ اب دونوں طالب و مطلوب اکٹھے رہنے لگے۔ اور سخی راضیؒ بادشاہ کو فقر کی جوگ عطا کی۔ اور مجاہدہ و ریاضت میں مشغول رکھا۔ اور خوب مجاہدہ کرایا۔ حالانکہ بابا راضیؒ سائیں صاحبؒ اہل مشاہدہ ہو چکے تھے۔ آپؒ اپنے مرشد کے دیوانے عاشق تھے۔ محبت اتنی کمال کہ ہر وقت اپنے مرشد کو دیکھتے رہتے اور کبھی نہ تھکتے۔ آپؒ اپنے مرشد میں اتنے فنا ہو گئے کہ سوائے مرشد

کے اور کچھ نظر نہیں آتا تھا۔ اسلئے کہ طالب حق کیلئے صرف فنا فی شیخ ہونا ہی مقصود ہے۔ جب طالب مطلوب میں فنا ہو جاتا ہے تو مقام بقا باﷲ اُس کیلئے آسان ہو جاتا ہے۔ جب تک طالب مطلوب میں فنا نہیں ہو گا۔ تو وہ ہر حال و مقام سے بے خبر رہے گا۔ کیونکہ جس نے پایا محبت سے پایا۔ آپؒ نے فرمایا ہے کہ یار مجھے محبت سے ملا اور سوز و گداز میں دیکھا اُسکی لطافت احاطہ نہیں ہر ذرّے میں اُسکا ظہور ہے۔ آپؒ کی مرشد محبوب سے محبت کی ایک مثال پیش ہے کہ ایک دفعہ جناب بابا سائیں صاحبؒ نے امن پور میں آپ سے فرمایا کہ میرا دل چاہتا ہے کہ حضور داتا صاحبؒ سلام کیلئے جاؤں اور کچھ دن سیر کروں۔ اگر آپ اجازت دیں تو کچھ دن تک واپس آجاؤں گا۔ ہادی پاکؒ نے عرض کی کہ یہ آپکا مسکین آپکی محبت، مرضی اور رضا میں اپنا کوئی اختیار نہیں رکھتا۔ لیکن آپکی جُدائی سے چین نہ آئے تو پھر کیا کروں۔ بابا سائیں صاحبؒ نے فرمایا کہ اے میرے راضی پتر میں جلدی آجاؤں گا اُداس نہ ہو ویں آپ کو پیار دلاسہ دے کر چلے گئے۔ آپ دو دن حضور داتا صاحبؒ رہے۔ اور

تیسرے دن نارووال شریف چلے گئے۔ اور پاڈن پاک کیلئے یہاں ایک گھڑی سال بھر کے برابر گزر رہی تھی۔ دو چار دن مشکل سے کٹے چین نہ آیا تو پیدل ہی پیچھے چل پڑے۔ سیدھی داتا صاحبؒ کی درگاہ اقدس پر پہنچے۔ سلام عرض کرنیکے بعد آپؒ محلہ بلال گنج گئے۔ جہاں بابا سائیں صاحبؒ پہلے قیام کرتے تھے۔ وہاں سے پتہ چلا کہ بابا سائیں صاحبؒ نارووال تشریف لے گئے ہیں۔ یہ وہ وقت تھا جب پاکستان وجود میں آنے والا تھا۔ لاہور میں مسلمانوں اور سکھوں کی جنگ ہو رہی تھی۔ قتل عام کی وجہ سے ہر سڑک اور گلی گلی لاشیں بکھری پڑی تھیں۔ اور ٹرکوں میں مُردے لاد کر دریائے راوی میں پھینکے جاتے رہے۔ لیکن آپؒ گھبرائے نہیں اور ریلوے پٹڑی کے ساتھ ساتھ پیدل سفر شروع کر دیا۔ راستہ میں پانی کے سیلاب سے گزرتے گئے۔ کیونکہ اُس وقت سیلاب بھی آیا ہوا تھا۔ آپؒ لاشیں پانی میں تیرتی ہوئیں دیکھتے اور چلتے گئے۔ کئی جگہ پانی میں تیر کر گزرنا پڑا۔ آخر آپؒ تین دن میں نارووال شریف پہنچے آپؒ ناواقف تھے۔ اِسلئے وہاں سے پوچھا کہ پیر بہمن شاہ صاحبؒ کے دربار

پر جاتا ہے۔ اور آپؒ وہاں دربار پر پہنچ گئے علی احمد شاہ صاحبؒ وہاں
بیٹھے ہوئے تھے۔ علی احمد شاہ صاحب بابا محمد شفیع صاحبؒ کے طالب تھے
انہوں نے آپؒ سے پوچھا کہاں سے آئے ہو۔ آپؒ نے فرمایا لاہور سے
آیا ہوں اور بابا سائیں صاحبؒ سے ملنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بابا صاحبؒ
یہاں دو دن ہوئے آئے تھے۔ ایک رات قیام فرمانے کے بعد اپنی
دختر صاحبہ سے ملنے کیلئے اُنکے گاؤں تشریف لے گئے ہیں۔ آپؒ نے
پوچھا کہ وہ گاؤں کس طرف ہے۔ مجھے راستہ بتا دیجیئے۔ انہوں نے
بتایا کہ یہاں سے تقریباً چھ سات میل دور ہے۔ آپکو تکلیف ہوگی۔ آپؒ
نے فرمایا کہ تکلیف کی کوئی بات نہیں۔ آپؒ وہیں سے روانہ ہوئے اور
پوچھتے پوچھتے اس گاؤں پہنچ گئے۔ وہاں سے پتہ چلا کہ بابا سائیں صاحبؒ
آئے تھے دو دن رہ کر لاہور چلے گئے ہیں۔ آپؒ نے پھر وہاں سے
پیدل لاہور کا رُخ کیا۔ تین دن بعد لاہور آئے۔ اور داتا صاحبؒ سلام کرکے
بلال گنج گئے تو وہاں آپکی بابا سائیں صاحبؒ سے ملاقات ہوئی تو
بابا سائیں صاحبؒ نے پوچھا امین پور سے آئے ہو۔ آپؒ نے فرمایا کہ

سمن مالکے ناروول سے آپکے پیچھے پیچھے چلا آرہا ہوں بابا سائیں

صاحبؒ کو شدید احساس ہوا اور پُر درد ہو کر رو پڑے کہ اے میرے

عاشق بتر کیا تُو یہ جانتا ہے کہ میں تجھ سے جدا ہوں. اگر ظاہر میں تجھ سے

کوئی گھڑی ادھر اُدھر ہو جاؤں تو کیا ہوا. حالانکہ باطن میں میں تجھ

سے جدا نہیں تھا. اب آپ اتنی جی جدائی برداشت نہیں کر سکے. تو

جب میں دنیا سے پردہ پوش ہو جاؤں گا. تو پھر کیا کرو گے. آخر اِس

جسم کی قید سے باہر ہونا ہے. اِسلئے فراق کی وجہ سے اُداس نہیں ہونا

چاہیے تھا. اللہ سچے سائیں نے آپکو اتنی ہمت بخش دی کہ آپ نے

اس پُرکٹھن وقت میں تکلیف دہ راستہ پیدل عبور کیا. آپکی محبت اور عشق

کمال ہے ورنہ یہ کام انسانی طاقت سے بعید ہے. سُبحان اللہ عاشق

طالب ہو تو ایسا ہو. مگر آئندہ اِس طرح ہرگز نہ کرنا. آپکو تکلیف میں دیکھ کر

میرے دل کو زیادہ تکلیف ہوتی ہے. اے طالب صدق وصفا راضی بارضا

پُر درد وباوفا فقیر پیارے پتر جب تُو نے دیا سر مجھکو پھر میں بھی ہو گیا. تجھ پر

دل فدا. تُو میرا ہے میں تیرا ہوں. تو مجھ میں ہے میں تجھ میں ہوں. تو

پھر نذدیکی دُوری کیا ہوتی ہے۔ اسلئے ہجر و صال عاشق کیلئے ایک جیسا ہوتا ہے۔ اللہ داتا آپکو درد محبّت و عشق باکمال میں ثابت قدم سدا سلامت رکھے۔ آمین۔ اچھا ہوا آپ آ گئے۔ حضرت داتا سخی فیض عالمؒ کا عُرس مُبارک آج سے ہو رہا ہے۔ چلو سب فُقراء ملکر بیٹھیں۔ داتا کے حضور حاضری دیں۔ اور ایک دوسرے سے پیار اور خدمت کریں۔ ان دِنوں دریائے راوی میں طغیانی یعنی سیلاب کیوجہ سے لاہور کے کچھ علاقوں میں پانی بھر گیا تھا۔ محلہ بلال گنج اور سخی داتا صاحبؒ کے مزار کے اِرد گرد پانی آیا ہوا تھا۔ جناب بابا سائیں صاحبؒ نے عُرس مُبارک اور ختم شریف محلہ بلال گنج محمد رشید سائیں جو بابا سائیں صاحبؒ کے طالب تھے اُنکی رہائش گاہ پر بمعہ طالبانِ حق و فقراء اکٹھے ہو کر رسم ادا کی۔ اور بعد میں امین پور تشریف لے آئے۔ چند سال بعد یہاں کے قریب لوگ فقیر کے پیار، حُسنِ سلوک و اخلاق اور شفقت سے مُتاثر ہوئے۔ اور فقیر کی دُعا سے مُرادیں ملنے کے سبب مُرید ہونے کا ارادہ ظاہر کرنے لگے اور بابا سائیں صاحبؒ نے اُنکو اپنے فقر میں قبول فرما کر کہا کہ میرے

اور راضیؒ سائیں میں کوئی فرق نہیں۔ ہم دو نہیں ایک ہیں۔ آپ کا
عقیدہ جس سے چاہے دستِ بیعت ہو سکتے ہیں ان میں سے چند کو بابا
سائیں صاحبؒ نے بیعت فرمایا اور ساتھ ہی اُن سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ
جو مجھے دیکھنے والا ہے وہ راضیؒ سائیں کو دیکھے۔ اسلئے کہ وہ مجھ میں گم
ہے۔ اور میں اُسی میں عیاں ہوں۔ بابا سخی محمد شفیع صاحبؒ باری
پاک کا فقر روشن دیکھنا چاہتے تھے۔ اور آپکا فقر روشن ہوا۔ نئی نوجوان نسل
آپؒ کا پیار و شفقت اور آپؒ کی محبت میں مائل ہو کر رفتہ رفتہ آپکی طریقت
میں آنے لگی۔ جوانی کے وقت ہی اللہ پاک کی محبت و یادِ حق کیطرف
دل کو لگانا یعنی ہر وقت رجوع اللہ ہو کے رہنے کی ہدایت کرتے رہتے۔
اسلئے کہ جوانی کی توبہ پیغمبری صفت ہے۔ یعنی کل وہم خداوند کریم کی رضا
و اختیار میں اپنے تمام ارادے اختیار سے بے اختیار ہو کر خود پرستی اور
غیر اللہ دیکھنے سے توبہ کرنی ہے۔ کچھ عرصہ بعد بابا سائیں صاحبؒ کو خیال
آیا کہ راضیؒ سائیں کب تک دور سے پانی لاتے رہیں گے یہاں پانی
کا کنواں ہونا چاہیے۔ اپنے ماننے والوں سے فرمایا کہ یہاں ایک کنواں

لگوادو۔ انہوں نے کنواں لگوایا تو اُسکا پانی نمکین اور کڑوہ نکلا۔ یعنی پانی پینے کے قابل نہیں تھا۔ اس سے صرف کپڑے اور برتن صاف کیے جا سکتے تھے۔ لیکن پھر بھی آپؒ وہ پانی مالک کی رضا سمجھ کر سات سال تک پیتے بھی رہے۔ بابا سائیں صاحبؒ پہلے ہی نازک طبع تھے۔ اس لئے صحت پر پانی نے مضر اثر ظاہر کیا۔ ہادی پاک اور بابا سائیں صاحبؒ بیمار رہنے لگے۔ سخی بابا سائیں صاحبؒ کو سینے کی تکلیف اور کھانسی رہتی تھی۔ اور یہی علامت ہادی پاک کو بھی ظاہر ہونے لگی۔ اور ایک دن ہادی پاک بابا راضی سائیں نے بابا سائیں صاحبؒ سے عرض کی کہ یا مالک محسوس ہو رہا ہے کہ مجھے سانس کی تکلیف دمہ شروع ہو رہا ہے۔ تو بابا سائیں صاحبؒ نے فرمایا کہ پُتر! سچے سائیں سے مانگا تو ہے ہادی پاک اس بات پر خوش ہوئے کہ سچے سائیں سے مانگی ہوئی چیز میرے لئے اعلیٰ نعمت ہی ہے۔ بابا سائیں صاحبؒ کو خیال آیا کہ اللہ پاک میٹھا پانی دے۔ اس خیال سے دوسری جگہ کنواں کھودا گیا۔ اس امید پر کہ شاید اللہ پاک میٹھا پانی دے دے۔ آستانہ کے ساتھ

پھر ایک اور کنواں کھودنے کا نشان یعنی ٹپہ بابا راضیؒ سائیں نے

اس دعا کے ساتھ لگایا کہ :-

اللہ مِٹھا کھوا کھٹا دے　　پانی پاک پلائیں یار

پیون جتی سرد ہووے دل سینہ　　لذت دار بنائیں یار

چڑی جناور راہی مسافر　　پی کر دین دعائیں یار

گھر فقر دا خاص امن پور　　وسدا ویکھ سدائیں یار

عاشق اپنا راضی رکھیں　　روح رمز لائیں یار

اور آپؒ کی یہ دعا قبول ہوئی۔ اللہ پاک نے ٹھنڈا میٹھا پر لذت پانی عطا فرمایا۔ اس چشمہ صحت وشفا سے لوگ غسل کرتے اور ٹھنڈا پانی پی کر پیاس پوری کرتے ہیں۔ اَلحمدُللّٰہ اللہ فقیر کا شکر ادا کرتے ہیں۔

ایک دن بابا سائیں صاحبؒ لاہور تشریف لے گئے۔ اور ہادی پاک بابا راضیؒ سائیں صاحبؒ کو سانس کی شدید تکلیف شروع ہو گئی۔ آپکے پاس دو پیر بھائی بھی رہتے تھے۔ اُن میں سے ایک نے ضد کی وجہ سے بابا راضیؒ سائیں صاحبؒ سے کہا کہ آپکو بابا سائیں صاحبؒ نے بد

دُعا دی ہے۔ تب یہی یہ حال ہُوا ہے اور آپؒ نے دل ہی دل میں کہا
اگر سخی پاکؒ نے مجھے بددُعا دی ہے تو وہ بھی میرے لئے دُعا ہی ہے
کیونکہ مُرشد دُعا ہی دیتا ہے بددُعا نہیں دے سکتا۔ دو تین دن بعد بابا
سائیں صاحبؒ واپس آئے اور آپکی حال پُرسی وداد جوئی کی اور
پُوچھا کہ اے راضی پُتر! کیا میں نے آپکو بددُعا دی ہے۔ تو بہاری پاک
بابا راضی سائیں صاحبؒ نے عرض کی کہ نہیں سخی مالکؒ یہ کیسے ہو سکتا
ہے کہ آپ مجھے بددُعا دیں۔ اگر آپ بددُعا بھی دیں تو وہ بھی میرے
لئے دُعا اور کافی شفا ہو گی۔ پھر بابا سائیں صاحبؒ نے فرمایا کہ پھر یہ لوگ
کیوں ہمارے پیار میں حسد کی وجہ سے نفاق ڈالنے کی کوشش کر رہے
ہیں۔ پھر آپؒ اُن سے مخاطب ہوئے جنہوں نے یہ بات کہی تھی کہ تم
نے ہماری محبت میں نفاق ڈالنے کی کیوں نا کام کوشش کی ہے۔
اسلئے اب آپکو یہاں رہنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ جاؤ اگر فقیر ہونا ہے
تو ہم سے دُور کسی اور جگہ چلے جاؤ۔ اُنہوں نے مُعافی طلب کی کہ
آئندہ ہم نفاق دوئی اور بغاوت کی باتیں نہیں کریں گے۔ اور ہم توبہ

کرتے ہیں۔ بابا سائیں صاحبؒ نے انہیں معاف فرما دیا پھر آپؒ نے بابا راضیؒ سائیں صاحبؒ سے فرمایا کہ بیٹے! یہ مرض ہٹے نہ ہٹے مگر علاج جاری رکھیں۔ ہر حال میں اپنے مالکِ حقیقی کی رضا و مرضی پر راضی رہیں۔ اور اس طرح وقت گزرتا رہا۔ بابا سائیں صاحبؒ کو خیال آیا کہ گیارھویں شریف اور سچے سائیں صاحبؒ کی چودھویں شریف کے علاوہ گندم کی کٹائی کے موسم میں کوئی ایک دو دن مقرر کریں کہ یہاں کے لوگوں کے رزق سے خیر نکلنے کا سبب بنے۔ تاکہ انکے مال میں برکت اور رزق کشادہ ہو۔ اور انکو اللہ کی راہ میں خرچ کرنیکی عادت پڑے۔ اور ماہ جیٹھ کی نودس تاریخ مقرر فرمائی۔ اور یہاں کے عقیدت مند فقرا طالبان آٹا اور دال وغیرہ لے آتے۔ اور میلہ جیٹھ منایا جاتا رہا۔ یہ میلہ آہستہ آہستہ بڑھتا ہی گیا۔ اور بڑے میلے کی صورت اختیار کر گیا۔ اس میں فقرا، طالبان کے علاوہ تمام خاص و عام حاضر ہو کر محبت و خدمت کرتے۔ اور فیضِ دعا حاصل کرتے۔ اور دال بھنڈارا کھاتے۔ کچھ عرصے بعد بابا سائیں صاحبؒ کو تکلیف زیادہ ہو گئی۔ اور کھانسی کے ساتھ منہ سے خون آنے لگا۔ اور بہت

کمزور ہو گئے آپؒ نے بابا راضیؒ سائیں صاحبؒ سے فرمایا کہ مجھے شہر لاہور لے چلو کیونکہ وہاں علاج کی سہولت میسر ہے اور آپکو لاہور محلہ بلال گنج لے گئے وہاں آپکے طالب سیّد علی احمد شاہ صاحبؒ آپکی تکلیف کا سن کر نارووال سے آئے ہوئے تھے۔ سیّد علی احمد شاہ صاحبؒ نے پہلے بھی آپکی خدمت میں یہ سوال پیش کیا تھا کہ آپکی ڈھیری مبارک میرے آستانہ پر بنے۔ میں مسکین سیّد ہوں آپ سخی ہیں۔ میرا یہ سوال پورا ہو۔ تو آپؒ نے اُن سے فرمایا جب وہ وقت آئے تو ایسا کر لینا۔ میں آپکا سوال رد نہیں کرتا۔ اِدھر ہادی پاک بابا راضیؒ سائیں صاحبؒ کا بھی یہی خیال تھا کہ میرے مرشد سائیں کی ڈھیری مبارک یہاں امین پور میں بنے گی۔ آپکا یہ خیال دیکھ کر بابا سائیں صاحبؒ نے فرمایا کہ اے راضیؒ پتر! انہوں نے سوال کیا ہے کہ میری ڈھیری نارووال میں بنے۔ یہ سیّد کا مال ہے آلِ نبیؐ اولادِ علیؑ ہے۔ اِسلئے اِسکا سوال رد نہیں کیا جا سکتا۔ سو یہ مٹی کی مٹھ (یعنی جسم مبارک) جو نارووال ہی سے ہے وہیں ہی جانے دو۔ اور میرا رُوح تیرے بیچ تیرے اندر سے بولے گا۔ اور باتیں کرے گا۔

پھر ہادی پاک بابا راضیؒ سائیں صاحبؒ نے عرض کی کہ ستی مالکن میں

بھی وہاں نارووال آپ کے قدموں میں رہوں۔ تو بابا سائیں صاحبؒ نے

فرمایا کہ ایسا نہیں کیونکہ امن پور آپکا نشان اور دربار ہو گا۔ اور آپکا فیض

قیامت تک جاری رہے گا۔ بابا سائیں صاحبؒ ہادی پاک بابا راضیؒ سائیں

صاحبؒ کے ساتھ چودہ سال اکٹھے رہے۔ اور جب اس فانی جہان سے

کوچ کرنے کا وقت قریب آنے لگا۔ تو بابا سائیں صاحبؒ نے محلہ بلال

گنج رہائش پر سب طالبان فقرا کو بلایا اور سب سے مخاطب ہو کر فرمایا

کہ میرے پیچھے باتیں نہ کرنا۔ جو بات کرنی ہے میرے سامنے کرو۔ اُن

میں سے ایک طالب بولا کہ جی ہم نے تو کچھ بھی نہیں دیکھا۔ تو آپؒ نے

فرمایا کہ یہ زمین و آسمان میں جو کچھ ہے یہ کیا ہے۔ تو وہ بولا کہ یہ تو مخلوق

ہے۔ آپؒ جلال میں آ کے بولے کہ میں نے تو تم کو خالق دکھایا اور بتایا

تھا۔ اور تم ابھی تک مخلوق کو دیکھ رہے ہو۔ اتنے میں آپؒ اپنی چارپائی

سے اُٹھے اور بابا راضیؒ سائیں صاحبؒ سے فرمانے لگے کہ مجھے امن پور

لے چلو۔ کیونکہ یہ مکان بھی مخلوق کا ہے۔ وہیں لے چلو جہاں مالک و

خالق خداوند پاک کی جگہ ہو میرا ان مخلوق پرستوں سے کوئی تعلق نہیں جب انہوں نے آپکا جلال دیکھا تو ڈر کر معافی مانگی اور توبہ کی کہ آپؒ مجھے معاف فرما دیں میں غلطی پر ہوں تو آپؒ نے معاف فرما دیا۔ اور جلال سے حال جمال میں آ گئے پھر آپؒ نے فرمایا کہ اگر کوئی تصویر بنانی ہے تو کوئی فوٹو گرافر لے آؤ۔ اور فوٹو گرافر نے آپکا بمعہ طالبان فوراً گروپ فوٹو لیا۔ اسکے علاوہ آپکی اور کوئی تصویر نہیں تھی۔ اسی رات ایک دو بجے کے درمیان آپکا حق سے وصال ہوا۔ اور وصال سے پہلے بڑی پاک بابا راضی سائیں صاحبؒ آپؒ کے پاس موجود تھے۔ اور آپؒ نے بڑی پاک بابا راضی سائیں صاحبؒ کو اشارہ کیا کہ آپ دوسرے کمرے میں چلے جائیں اور سو جائیں۔ بابا سائیں صاحبؒ کے حکم و امر سے آپؒ دوسرے کمرے میں لیٹ گئے اور نیند آ گئی۔ خواب میں دیکھ رہے ہیں کہ مولا پاک حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ تشریف لائے ہیں۔ اور بابا سائیں صاحبؒ سے فرما رہے ہیں کہ اے قلندر علی، آؤ میرے ساتھ نجف شریف چلتے ہیں اور آپؒ مولا پاک حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کے ساتھ روانہ

ہو گئے ہیں۔ اتنے میں آپؒ جاگ اُٹھے۔ اور بابا سائیں صاحبؒ کے کمرے میں گئے۔ حق موجود بلایا۔ تو دیکھا کہ آپؒ اس پنجرے سے پرواز کر گئے ہیں اور ہر جگہ سدا موجود ہو گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۵ (حضرت سخی سائیں بابا محمد شفیع صاحبؒ عرف قلندر علی رَحْمَۃُ اللّٰہ عَلَیْہ نارووالی ضلع سیالکوٹ چودھویں کافی سے قادری خاندان حضرت سخی غوث پاک محبوب سبحانی رَحْمَۃُ اللّٰہ عَلَیْہ کے درویش ہیں۔ فیض حضرت سخی سائیں قبول محمد صاحب ثانی رحمۃ اللّٰہ عَلَیْہ درازہ شریف سے جاری ہوا۔ یوم پیدائش مورخہ 16 اکتوبر 1892ء ہے۔ اور مورخہ 2، 3 رمضان المبارک ۱۳۷۶ھ بروز بدھ جمعرات کی درمیانی شب کے دو بجے حق ہوئے۔ 3، 4 اپریل 1957ء)

دوسرے دن آپکے جسم مبارک کو غسل دیا گیا۔ اور وہاں سے سخی داتا صاحبؒ کا طواف کرایا گیا۔ اور نماز جنازہ ادا کی گئی وہاں سے بکس میں رکھ کر لاہور سٹیشن پہنچ کر ایک ڈبہ بک کروایا گیا۔ اور اُس میں تیسرے پہر (تقریباً چار بجے) نارووال شریف پہنچے۔ اور وہاں سے سیّد علی احمد شاہ صاحبؒ کے آستانہ پر آپکی آخری آرام گاہ بنائی گئی۔ اور ہادی پاک بابا رافضی سائیں صاحبؒ اُمن

پورشریف تشریف لے آئے۔ اور تنہائی میں عشق کے مرض، درد سوز،

دکھوں اور مصیبتوں میں فراق کی زندگی بسر کرنے لگے۔ کیونکہ آپؒ اہلِ بلا

ہیں یعنی دکھ اور مصیبت کو پسند کرنیوالے ہیں۔ ایک دفعہ دو حکیم آپکے پاس

آئے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ہم آپکا علاج کرتے ہیں۔ ان دونوں نے

آپس میں مشورہ کیا کہ اس درویش کے سینے میں بلغم کی جھلی بنی

ہوئی ہے۔ اس کو دوائی کے ذریعے باہر نکالنا ہے۔ ایک حکیم نے کہا کہ میں

نکالتا ہوں۔ تو اس نے کوئی ایسی دوائی پانی میں ملا کر پلائی کہ دوائی

پیتے ہی آپکو قے (الٹی) آنی شروع ہو گئیں۔ یہاں تک کہ ساتھ خون آنا

شروع ہو گیا۔ دوسرا حکیم کہنے لگا کہ تم نے درویش کیساتھ یہ کیا ظلم کیا۔ اب

اسکی یہ الٹیاں بند کرو۔ اس نے کہا کہ اب یہ مجھ سے بند نہیں ہو سکتیں۔ تو

دوسرے حکیم کے پاس کوئی ایسی ٹھنڈی دوائی تھی۔ اس نے پانی میں

ملا کر پلائی۔ تو آپکو قے آنا رک گئیں۔ اور آپؒ بہت ہی کمزور اور ضعیف الحال

ہو گئے۔ وہ حکیم بھاگ گئے۔ اسکے علاوہ بہت علاج کراتے رہے۔ بے شمار

دوائیاں کھائیں۔ مگر وہ مرضِ محبت برقرار رہا۔ آپؒ مردِ خدا تھے۔ اور اپنی

جاتے۔ ہم کو بتایا جاتے تھے اگر کوئی منتی کے بارے میں پوچھتا تو فرماتے کہ اللہ پاک کا شکر ہے۔ یہ بھی نہیں کہا کہ مجھے بہت تکلیف ہے۔ یہاں کے کچھ جاہل لوگ بہت تنگ بھی کرتے تھے ایک دن ایسا بھی ہوا کہ آپؒ آستانہ چھوڑ کر ناصر گنج کی طرف شیشم (ٹاہلی) کے درخت کے نیچے سترہ دن تک رہے۔ کسی کو یہ احساس نہ ہوا کہ یہ درویش آستانہ چھوڑ کر چلا گیا ہے۔ آخر وہ جو تنگ کرتے تھے۔ اُنکے گھروں میں ایک لاذوا مرض نے حملہ کیا۔ اور تمام بیمار پڑ گئے۔ یہاں تک کہ ہسپتالوں میں لے جایا گیا۔ لیکن مرض کا پتہ نہ چلے کہ مرض کیا ہے۔ پھر اُنکو خیال آیا کہ شاید اس درویش کو ہم نے دُکھ دیا ہے۔ اور اُسکی آہ سے ہمیں کوئی سزا ملی ہے۔ چلو اُن سے معافی مانگتے ہیں۔ اور اُن سے دُعا لیں۔ وہ آپؒ کے پاس آئے معافی مانگی اور آستانہ پر لے آئے۔ اور عرض کی کہ یہ آپؒ کا آستانہ ہے۔ ہم کبھی بھی آپکو تنگ نہیں کریں گے۔ آپؒ یہیں رہیں۔ آپؒ نے اُنکے حق میں دُعا کی اور اُنکی بلا ٹل گئی ایک اور واقعہ ہے کہ ایک آدمی کو اُسکے دو مخالف اُسے قتل کرنے کیلئے

اُسکے پیچھے لگ گئے۔ وہ آدمی بھاگتا ہوا آستانہ پر آیا۔ اور وہاں بنی ہوئی جھونپڑی میں پناہ لینے کیلئے گھس گیا۔ ہادی پاک بابا راضی سائیں صاحبؒ نے دیکھا۔ اور پوچھا کہ تم کون ہو اور اندر کیوں چھپ رہے ہو۔ اُس نے جواب دیا کہ جناب دو آدمی مجھے قتل کرنیکی نیت سے میرا پیچھا کر رہے ہیں۔ مجھے پناہ چاہیے۔ تو آپؒ نے فرمایا کہ پناہ چاہتے ہو تو باہر آؤ۔ اور میرے ساتھ آکر بیٹھو۔ وہ آدمی آپکے قریب بیٹھ گیا۔ اتنے میں وہ دو آدمی بھی آپہنچے۔ ایک کے پاس رائفل تھی۔ اور دوسرے کے پاس سوٹا تھا۔ رائفل والے نے آتے ہی اُس آدمی کی شاہ رگ پر رائفل کی نالی رکھ کر فائر کر دیا۔ اور اللہ کے حکم سے گولی سائیڈ سے نکل گئی پھر اُس نے دُوسرا فائر کیا۔ تو گولی مس ہوکر رائفل کے اندر پھنس گئی۔ اور خوفزدہ ہوکر اُس آدمی نے رائفل کی نالی کو پکڑ لیا۔ اور سوٹے والے نے سوٹا چلایا۔ تو وہ ہادی پاک سخی راضی سائیں صاحبؒ کے حقے کو لگا۔ تو حقے کے ساتھ سوٹا بھی ٹوٹ گیا۔

ہادی پاک بابا راضی سائیں صاحبؒ نے اللہ علی کا نعرہ لگا دیا۔ اور اُن سے فرمایا کہ اے دُنیا کے کتو دُور جا کر لڑو۔ وہ کافی دیر ہاتھا پائی کرتے

رہے۔ حتیٰ کہ وہ برہنہ ہو گئے۔ جب وہ لڑ لڑ کر تھک گئے۔ تو ہادی پاک بابا رانی سائیں صاحبؒ سے کہنے لگے کہ ہمیں چھڑوا دو۔ ہم معافی چاہتے ہیں۔ آپؒ نے فرمایا میں آپکو نہیں چھڑواتا لڑ لڑ کے مرو۔ اتنے میں ایک بابا نماز پڑھنے کیلئے آیا۔ تو اُس نے بابا جی سے کہا کہ آپؒ کہیں تو میں ان کو چھڑوا دوں۔ تو آپؒ نے فرمایا کہ چھڑوا دو۔ اور ان سے کہو کہ یہاں سے دُور چلے جائیں۔ میرے نزدیک نہ آئیں۔ تو اُنکو چھڑوا کر کہا کہ یہاں سے چلے جاؤ۔ جس نے پناہ مانگی تھی وہ آپکے پاس آگیا۔ آکر سجدے میں پڑ گیا۔ معافی طلب کی اور آپؒ کا مُرید ہو گیا۔ پھر وہ دونوں بھی آپؒ کے پاس آئے۔ اور معافی مانگی اور کہا کہ ہم غلطی پر تھے۔ ہمیں معاف فرما دیں آپؒ نے اُنکو معاف فرما دیا۔ اور اُنکی صُلح کرا دی۔ اُنہوں نے مُرید ہونے کا اصرار کیا۔ تو آپؒ نے اُنہیں دستِ بیعت کیا۔ اور سلوک پیار میں رہنے کی تلقین فرمائی۔ بابا سائیں صاحبؒ کے وصال کے بعد آپ پر درد حال وارد ہونیکی وجہ سے کلام عارفانہ بیان کرنے لگے۔ آپؒ فرماتے ہیں کہ جب میں لاہور شریف میں سردار سخی مخدوم علی ہجویری حضرت داتا

گنج بخش فیض عالم کی درگاہ اقدس میں فیض عشق حاصل کرنیکی نیت سے حاضر ہوا تو یہیں سے ہی اپنا مقصد یعنی مرشد مطلوب کو پا لیا۔ آپ سے آتا ہے کہ ناقصوں کے پیر کامل نے میرا سوال پورا فرمایا اور اپنے صوفی قادری فقر کے فیض سے مستفیض فرما کر اللہ کریم کی درگاہ کے دوستوں میں مجھے شامل کیا۔ آپؒ کے طریقت میں پیر و مرشد صوفی قادری قلندر سخی فقیر حضرت بابا محمد شفیع صاحب المعروف قلندر علی درازیؒ ہیں۔ آپؒ فرماتے ہیں کہ ہادی مرشد نے مجھے کفر و اسلام اور تمام مذہبوں کی قید سے آزاد کیا۔ اور وحدت حقیقی کا جام پلایا۔ آپؒ گاہے بگاہے اپنے ہادی مرشد کی تعریف میں فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے ہادی محبوب جیسا بے ریا سچا فقیر پُر نور شفقت والا اور پُر محبت مخلص درویش کوئی نہیں دیکھا۔ جس نے مجھے اپنی ہستی سے نکال دیا۔ اور اللہ کے عشق و محبت میں سرمست بنا دیا۔ اب میں سوائے اللہ کچھ نہیں جانتا۔ جو پہلے تھا وہی پایا جو ایک دم بھی جدا نہیں ہو سکتا۔ چودہ طبق کے اندر باہر حی القیوم قدیم بس رہا ہے۔ الحمد اللہ سب تعریف ذات حق کیلئے ہے آپ ہی دیکھتا سنتا جو

چاہتا ہے کردُ الثا ہے۔ اللہ باقی ومن کل فانی ؏

اِس دیوان دردِ عشق میں آپ کے کلام عارفانہ سے ہی فقیرانا فن و رموز
تصوف واشارات لطیف ہیں جو طالبان حق کیلئے ہدایت مُفید، عارفوں
کیلئے فرحت، دردمندوں کیلئے دِلداری، درویشوں کیلئے دِل ریش،
عاشقوں کیلئے لذّت، زاہدوں کیلئے زیادت، عام کیلئے دِلچسپی، اور
خاصان خدا میں یہ کلام مقبول پایا جاتا ہے۔ جیسے اللہ کریم کے پیارے
دوستوں صوفیائے اکرام سے آپ کے پیر مُغان منصور آخر الزمان حضرت
سچل سرمستؒ، حضرت امام بھٹائی لعل لطیف صاحبؒ، حضرت بُلّھے
شاہ صاحبؒ، خواجہ غلام فرید صاحبؒ اور حضرت سُلطان العارفین باہُو با
خُدا صاحبؒ کے کلام میں معرفت کے موتی بھرے پڑے ہیں۔ اِسی
طرح اِس محقق درویش کا کلام بھی ان کے کلام کے ساتھ مِلتا جُلتا
واضح ہوتا ہے یہ آپ ہر سال حضرت داتا گنج بخش فیض عالم کے عُرس
مبارک پر دو دِن دو رات بمعہ طالبان فُقراء حاضری دیتے رہے ہیں
اور رات کو ایک دو بجے درگاہ شریف کے اندر تشریف لے جاتے۔ اور

عُرس کے بعد جب کبھی لاہور شریف جاتے تو داتا سخی صاحبؒ کی سیڑھی پر سلام کرتے۔ اور اندر نہیں جایا کرتے تھے۔ صرف عُرس مُبارک کے موقعہ پر ہی اندر جایا کرتے تھے۔"

اب یہ بندہ مسکین محمد یعقوب المعروف فقیر سائیں خیال خُدائی اپنا حال و خیال تحریر میں لا رہا ہُوں کہ مجھے ہادی پاک سخی راضیؒ سائیں صاحبؒ نے اپنے فقر میں اپنے ساتھ کس طرح پیوست فرمایا۔ اسی دوران اس مسکین خیال خدائی کے ساتھ آپؒ کا خط و کتابت کے ذریعے غائبانہ تعارف ہوتا رہا۔ اور بظاہر کوئی مُلاقات نہیں ہُوئی تھی ہادی پاک سخی سائیں راضیؒ فقیر کے دل میں خیال تھا کہ اس خط لکھنے والے شخص سے مُلاقات ہونی چاہیے۔ اور اس مسکین کو بھی آپ سے ملنے کی جُستجو اور دیدار وصل کی آرزو ازل سے ہی دل میں جاگزین رہتی تھی۔ آپکو دیکھنے کیلئے دل بہت بے قرار رہتا۔ اور اسی انتظار میں وقت گُزر رہا تھا۔ کہ جلد از جلد آپؒ سے مُلاقات ہو۔ ایک رات آپؒ نے اس مسکین کو خواب میں زیارت عطا فرمائی۔ اور مُخاطب ہو کر فرمانے لگے

کہ آپ جو یہ ہنڈیا پکار رہے ہیں۔ اس میں اور کوئی چیز نہ ڈالیں۔
کیونکہ میں اس میں موجود ہوں۔ یہاں ہنڈیا سے مُراد دِل ہے۔
آخر انتظاری، بیقراری و فراق کے کئی سالوں بعد وصلِ یارِ محبوب
کے دیدار کے دِن قریب آئے۔ اور آپ جناب نے خط ارسال
فرمایا۔ کہ میں جلد سندھ شریف آرہا ہوں۔ اور ساتھ یہ بھی تحریر فرمایا کہ تُم
مجھے اسٹیشن پر لینے کیلئے آجانا۔ اور جب آپ تشریف لائے۔ تو
بندہ مسکین، ایک اور آدمی جو میرے ساتھ تھے۔ یہ میری آپ سے
پہلی مُلاقات تھی۔ آپکے درشن دیدار، قُرب پیار و شفقت سے
سرفراز ہُوا۔ صُورت حق سُبحانی، پاک پیشانی، نُور بھرے نین،
نورانی نظر سے نظریں مِلا کر۔ سِک محبّت سے سینے لا کے دل
رُوح جگر میں سما گئے۔ دیکھتے ہی آپکی مُحبّت میں محو مَدہوش
ہو گیا۔ اور آپکی ذات پاک صُورت کے سِوا کچھ یاد نہ رہا۔ آپکی
پاک محبّت عشق کا تاب برداشت کرنیکے سبب آتے ہی مجھے
شدید بُخار ہو گیا۔ آپ صُبح ہونے سے پہلے میری ہمدردی کیلئے

تشریف لائے۔ اُسوقت مجھے کوئی ہوش نہ تھا۔ آپ نے آتے ہی میرے سر کو دبانا شروع کیا۔ اور آپ نے پیار شفقت سے مجھے صحیح الحال کیا۔ اور اُسی وقت اپنا دست بعیت کر کے ذکر ذاتی سے نوازا۔ اور نام فقیر خیال خدائی عطا فرمایا۔ مخصوص راز رموز کی باتوں سے آگاہی فرمائی۔ اور ساتھ ہی فرمایا کہ آپکا دل اب دُنیا میں نہیں لگے گا۔ جب جب آپ اُداس ہوویں جلدی میرے پاس امین پور شریف پہنچ جاویں۔ اور میں آپکے انتظار میں بیقرار رہونگا۔ پھر کچھ دنوں کے بعد شہباز پور سے آپ نے واپسی کا ارادہ ظاہر فرمایا۔ تو ہم کچھ فقرا، طالبان نے آپکو میر پور ماتھیلو سٹیشن سے لاہور آنے والی گاڑی میں بٹھا دیا۔ جب گاڑی چلنے لگی تو آپ ڈبہ کے دروازے میں کھڑے ہوئے تھے۔ آپ کو دیکھ کر میری آنکھوں سے بے اختیار آنسو نکل پڑے۔ جب آپ آنکھوں سے اوجھل ہوئے۔ تو میں جُدائی کا صدمہ برداشت نہ کر سکا۔ اور رو پڑا۔ ساتھ والے فقراء مجھے پیار دلاسہ دے کر

واپس لے آئے۔ مگر دل بہت اُداس اور بیقرار رہنے لگا۔ اور آپکے پیچھے پیدل آنے کا ارادہ کرلیا۔ اُن دنوں ماہ جیٹھ کا مہینہ تھا۔ عید ۔ اٹھارہ دن رہ گئے تھے۔ وہاں کے فقراء اور دوستوں نے مجھے روکا اور کہا کہ کچھ دن صبر کرو۔ پھر اکٹھے میلہ پر چلیں گے۔ میں نے اُنکی بات مان لی۔ اور فراق کا یہ ایک ایک دن میرے لئے سال کے برابر گزر رہا تھا۔ جب آپ امن پور شریف پہنچے تو ایک خط ارسال فرمایا جسکی تحریر حسب ذیل ہے:۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

بخدمت المحبت، طالب الحق، نورِ خدا۔ جب تُو نے دیا ہے سر مجھے۔ پھر میں بھی ہو گیا تجھ پہ دل فدا۔ مُخلص تیرا مسکین ہوں۔ تو جانتا اس حال کو۔ کیا تجھے معلوم نہیں کہ میرا راضی ہے مست دیوانہ سدا۔ دیدہ بوسی بعد اس فراق میں وصال کا عرض یہ ہے کہ۔ جس وقت آپ نے گاڑی میں اس غریب کو عشق کا قیدی بنا کر سوار کیا۔ اُسوقت سب سنگت کی طرف میں نے دیکھا۔ تو دو تین بندوں

کے سوا ہر ایک کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔ اور گاڑی چلنے کے وقت درد فراق وچھوڑے کی وجہ سے خود جناب کی حالت خدا خوب جانتا ہے۔ اور مجھے بھی اندر سے آواز آئی کہ دیکھ۔ اب عاشق کا ہمارے عشق نے کیا حال بنا دیا ہے۔ جو کہ آپ شکستہ دل ہو کر ظاہراً اور چھپکے میں بے اختیار روتے رہے۔ پھر کچھ عرصہ بعد آہستہ آہستہ اللہ پاک نے اپنی رحمت میں لے کر میرے دل جانی محبوب کو کچھ سکون دیا ہے۔ اے میرے جان وفا اب میری بے کسی آپ دیکھ کہ عشق میری حالت کیا کر رہا ہے۔ قسم ہے تیری ذات پاک کی جب تک یار سامنے نہ آئے گا۔ تب تک ہجر کی آگ میں تڑپنے کے سوا اور کوئی علاج ہی نہیں ہے "

یہ خط جب مجھے موصول ہوا۔ تو انتظار و اضطراب، تڑپ و بیقراری میں اور اضافہ ہوا۔ اور آپکی یاد محبّت کے سوا ہر چیز سے لاتعلق، بے خبر بیگانگی اور یگانگت میں تنہائی اختیار کی۔ اسی انتظار میں رہا کہ جلدی میرا مالک مجھے میرے محبوب مرشد سے ملا دے۔ آخر یہ انتظار کی گھڑیاں ختم ہوئیں۔ اور ہم میلہ ماہ جیٹھ 1958ء سے ایک دن پہلے بمعہ

جماعت فقرا، دوستان امن پور شریف آپ کی خدمت اقدس میں حاضر ہو
گئے۔ آپ فرداً فرداً سب فقراء سے ملے۔ اور آخر میں مجھ مسکین سے ملے۔ اور
گلے لگالیا۔ اور فرمانے لگے۔ آ گئے ہو میرے عاشق محبوب۔ اس مسکین نے
عرض کی کہ جی میرے مالک یہ آپکا غلام خادم آپکی خدمت اقدس کیلئے حاضر
ہے۔ اسکے بعد بٹھایا گیا۔ اور سب سے پیار کیا گیا۔ میلہ مبارک شروع ہوا۔ اور یہاں
کے قریبی فقرا۔ طالبان بھی اکٹھے ہوئے۔ دو دن میلہ مبارک جاری رہا۔ اور
تیسرے دن الوداعی محفل فقرا، طالبان حق منعقد ہوئی۔ جس میں آپ نے
نصیحت و ہدایت کی باتیں اپنے طالبان سے کیں۔ اور محفل کے بعد آپ
نے سوال کیا۔ کہ میری صحت ٹھیک نہیں رہتی۔ اور بیمار حال رہتا ہوں۔
اور میرا اللہ پاک کے سوا یہاں ہمدرد و محرم راز کوئی نہیں۔ اسوقت فقرا،
طالبان میں سے کوئی ایسا درد محبت کا طالب عاشق جس کا دنیا میں سوائے
رب کریم کے اور کوئی دوست نہ ہو۔ اور تمام جہان سے بیگانہ ہو۔ جو دکھ درد
حال میں میرا ساتھ دے۔ اور عشق وفا کرے۔ اس سوال پر سب خاموش
رہے۔ اور اسوقت بندہ مسکین نے عرض کیا کہ ہادی مالک! یہ مسکین آپکا

آپکی خدمت محبت کیلئے جان و دل سر ساہ فی سبیل اللہ حاضر ہے۔ اور تا
دم حیات آپ سرکار کی محبت، دکھ سکھ، ہر حال میں ہمیشہ ساتھ رہے
گا۔ باتوفیق اللہ کریم۔ انشا اللہ۔ آپ اس بات پر بہت خوش راضی ہوئے
اور فرمایا کہ یہی تو میں چاہتا ہوں۔ کہ فقیر خیال خدائی ہی میرے
پاس ہو۔ پھر ساتھ ہی فرمایا کہ فقیر خیال خدائی بہت محبت میں مجھ
پر قربان ہوئے ہیں۔ اور میرے پیار عشق حق کے سوا اور کچھ نہیں
چاہتے۔ تو میں بھی اس سچے طالب عاشق کی دل سے قدر کرتا ہوں۔
یہ میرا ہے۔ میں اس کا ہوں۔ خیال و مجھ میں کوئی فرق نہیں۔ جو
مجھے دیکھے۔ وہ خیال کو دیکھے۔ کیونکہ طالب مطلوب دو نہیں
ایک ہے۔ اس لئے کہ دونوں کی حقیقت ایک ہے۔

اب سب کو اجازت ہے جس نے جانا ہے تیاری کرو۔ اس
کے بعد آپ نے تمام مہمان فقرا، طالبان کو الوداع کیا۔ اور
ہم دونوں طالب مطلوب یہاں تنہائی میں اکھٹے رہنے
لگے۔ اور آپ نے مجھے حقانی صحبت، محبت، وحدت اور حقیقی

اسرار و رموز سے آگاہ فرماتے رہے۔ آپؒ نے مجھے کلام تصوف کشف المحجوب جو کہ حضرت داتا گنج بخشؒ کی تصنیف ہے اسکا درس دینا شروع کیا۔ اسلئے کہ جو طالب حق ہو اور اللہ پاک کی طرف سے جسکے نصیب میں فقیری ہو تو کشف المحجوب کا درس اُس کیلئے کامل مُرشد کی حیثیت رکھتا ہے۔ اور اس کلام کا درس جاری رہا۔ اسکے علاوہ جب کبھی مجھے اُداس دیکھتے تو فرماتے چلو داتا صاحبؒ سلام کرنے کیلئے چلتے ہیں۔ اور آپؒ کا فرمان تھا کہ جب کسی شہر میں داخل ہوں تو سب سے پہلے شہر کے مالک کو سلام کرنا چاہیے اسکے بعد جدھر جانا ہو جائیں اور وہ شخص اُس شہر کے مالک کی حفاظت اور نظر میں رہے گا۔ اسلئے کہ جب کبھی لاہور آنا مقصود ہو تو پہلے لاہور کے مالک حضرت داتا گنج بخش فیض عالمؒ کی درگاہ پر سلام کریں۔ اور پھر اپنے ذاتی کام کریں۔ حضرت داتا گنج بخش فیض عالمؒ کے سلام کے بعد ہم حضرت مادھو لعل حُسین شاہ صاحبؒ کے مزار پر بھی گئے۔ اور وہاں سلام کیا۔ اور مجھے فرمایا کہ دیکھو سچے عشق اور محبت کے سبب عاشق محبوب کی اکٹھی قبریں ہیں تیرے ساتھ بھی یہی راز عشق ہے۔ جیسا کہ پہلے مادھو

رہتا ہے۔ اور سائیں محمد فقیر گھوڑہ صاحبؒ اپنا کلام اپنے فقراء طالبوں سے ساری رات سنتے رہتے تھے۔ یعنی ساری رات بیدار رہتے۔ اور ہادی پاک بابا راضی سائیں صاحبؒ کو مہمان جان کر آپؒ کیلئے ایک بستر لگوا دیا۔ کہ آپؒ آرام کریں۔ اور آپؒ بستر پر لیٹ گئے۔ اور اُنکا کلام بھی سُنتے رہے۔ آدھی رات کے بعد سائیں مُحمد فقیر صاحبؒ کے طالب فُقراء نے عرض کی کہ جناب یہ لاہور کے درویش نیند سے پیار کرتے ہیں۔ اور سوئے ہوئے ہیں۔ اور آپؒ نے بھی یہ بات سُنی۔ جب صُبح ہوئی۔ اور صُحبت میں بیٹھے ہوئے نیند کے موضوع پر بات ہوئی۔ تو آپؒ نے اور باتوں کے علاوہ ایک یہ شعر بیان فرمایا :-

نیندر موت جاگن حیاتی — رمز عشق دی دولواں نہ جاتی

علم عقل دی جاء نہ جتھے — اُتھے عشق ہویا اثباتی

اے دم خیال سجن دی صورت — کون پچھانے ذاتی

راضی یار نہ بُھل دا اک دم — جد لگے برہوں دی کاتی

جب سائیں محمد فقیر صاحبؒ نے یہ شعر سُنا۔ تو حیرت میں آکر اپنے طالبان فقراء

کا نام آتا ہے۔ ویسے یہ خیال راضیؒ کا نام ہے۔ اور شام کو ہم اپنے آستانہ امن پور واپس آ گئے۔ میں نے آپؒ سے عرض کی کہ آپؒ کے کچھ کلام ہیں (یعنی کافیاں) میں وہ لکھنا چاہتا ہوں۔ تو آپؒ نے فرمایا کہ لکھ لو۔ پھر آپؒ نے وہ بیان فرمایا۔ میں نے وہ تمام کاپی پر لکھ لیا۔ نوٹ کیے گئے کلام کی تعداد تقریباً چار یا پانچ تھی۔ اور میرے دل میں خیال آیا کہ کلام اور زیادہ ہونا چاہیے کہ رسالہ یا دیوان بن جائے۔ پھر ہادی پاک بابا راضیؒ سائیں صاحبؒ نے فرمایا تو وقت نکال لیا کرو۔ اسلئے میں نے ایک کاپی اور قلم آپؒ کے پاس رکھ دی۔ اور عرض کی کہ کوئی ایسی با عرفان بات آئے تو آپؒ اس میں نوٹ فرما دیں۔ اور میں اسکو درست کر کے لکھ لوں گا۔ کیونکہ میں ریاضت اور خدمت میں مشغول رہتا تھا۔ اسطرح جب کوئی ایسی بات یا کلام لکھتے۔ تو مجھے فرماتے کہ یہ نیا کلام آیا ہے۔ اسے لکھ لو۔ پھر میں لکھ لیا کرتا تھا۔ اور جب کبھی آپؒ پر درد حال وارد ہوتا۔ تو بیخودی میں آ کر شعر کافیاں، دوہڑے اور عارفانہ باتیں بیان کرتے۔ اور ہر ایسے موقعہ پر بندہ مسکین یہ باتیں و کلام نوٹ کرتا رہتا۔ اور کوئی بھی

ایسی باعرفان باتیں میں نے ضائع نہیں ہونے دی۔ اور چھوٹی سے
بات بھی نوٹ کرتا رہا۔ اور انکو کتابی شکل میں محفوظ کیا۔ آپؒ سرکار
نے مجھے دعائیں دیں کہ خیال بادشاہ! تُو نے میری کوئی بات
ضائع نہیں ہونے دی۔ یہ باعرفان۔ وحدت و توحید کی باتیں تیرے
لئے تیری روحانی ریحان و دلجوئی کیلئے کافی معاون و مددگار ثابت
ہونگی۔ بلکہ دوسرے عارفان و عاشقان اور طالبان حق کیلئے بھی رہبری،
رہنمائی اور طریقت کے راستہ میں حقیقت کے قریب کرنے والی ہیں۔ اللہ
سچا سائیں تجھے اجرِ عظیم عطا فرمائے۔ آمین"۔ اس طرح آہستہ آہستہ کلام میں
اضافہ ہوتا گیا۔ آپؒ کے عقیدت مندوں کے خط آتے۔ جب آپؒ انکا جواب
ارسال فرماتے۔ تو اُس میں جو بھی خاص باعرفان باتیں ہوتی ہیں وہ
بھی نوٹ کرلیا کرتا تھا۔ اور ان باعرفان باتوں کا مجموعہ فرحت الفقر کی
صورت میں چھپ چکا ہے۔ یعنی جو کلام تصوف نثر میں لکھا گیا ہے۔ اُس کا
نام فرحت الفقر رکھا۔ اور ان عارفانہ کلام (کافیوں) کے مجموعہ کو کتابی شکل
دے دی اور اسکا نام دیوانِ دردِ عشق تجویز کیا۔ اور دیوان درد عشق

کا درس بھگتی کی صورت میں جاری رہا۔ اب بھی جاری ہے۔ اور انشاء اللہ جاری رہے گا۔ جبکہ فرحت الفقر کا درس بھی ہوتا رہا۔ آپؒ نے فرمایا کہ فقیری کیلئے فقیر کو جوگ یعنی ریاضت و مجاہدہ ضروری ہے۔ اسلئے آپؒ نے مجھے ریاضت اور خدمت خلق میں مشغول رکھا۔ اور مدت بارہ سال تک مجھے گدا گرائی۔ گدا نفس کی اصلاح کیلئے کرائی جاتی ہے تاکہ اس میں خودی اور خود پرستی ختم ہو۔ اور عاجزی و مسکینی قائم ہو کیونکہ جب کسی کو سوال کرے گا تو مر کے ہی سوال کرے گا۔ اسی لئے تو فرمایا ہے کہ (مرنی تو پہلے مر ضرور | ہر جا ویکھیں عین ظہور) اور آستانہ کی ریاضت میں مجھے بھی شوق تھا پہلے یہ آستانہ سائیں مندھی کی جھگی سے مشہور تھا۔ اُسوقت یہاں ایک جھگی اور ایک چھوٹا سا کچا کمرہ تھا۔ جہاں فقیر سخی حضرت بابا محمد شفیع صاحبؒ بیٹھا کرتے تھے۔ اسکے علاوہ کوئی چار دیواری نہیں تھی۔ میرے دل میں اللہ پاک نے اتنی ہمت اور شوق پیدا کر دیا کہ میں نے کچی مٹی کی دیوار بنانا شروع کر دی۔ چند سالوں میں دیوار مکمل کی۔ اور اُسکے تین دروازے بنائے گئے۔ اور اُن پر

کافی محنت کی گئی۔ اور بہت خوبصورت تھے۔ اُنکے آپؒ نے نام تجویز کئے
قُطب کی طرف بننے والے دروازے کا نام عشقِ وفا دروازہ رکھا۔ مشرق
کی طرف بننے والے دروازے کا نام عبرت کشا دروازہ رکھا۔ اور جنوب
کی طرف بننے والے دروازے کا نام حُسینی دروازہ رکھا۔ اور تینوں
دروازوں پر دارالفُقرا، امن پور شریف نام تحریر کیا گیا۔ حُسینی دروازہ کا سنگِ
بُنیاد آپؒ نے یکم محرم شریف کو رکھا۔ اسلئے اِس دروازہ کا نام حُسینی دروازہ
رکھا گیا۔ جس طرح حضرت بابا فرید شکر گنج صاحبؒ نے بہشتی دروازہ بنایا
ہے۔ اور اعلان فرمایا ہے کہ جو اس سے گزرے گا وہ جنتی ہو جائیگا۔ اِسی
طرح آپؒ نے فرمایا کہ یہ فیض کا دروازہ ہے۔ جو اِس حُسینی دروازہ سے
گزرے گا وہ اپنی نیک مُراد پائے گا۔ اور بخشا جائے گا۔ حُسینی دروازہ کے
بعد آپکو خیال آیا کہ ایک مسجد بھی بنانا چاہیے۔ تاکہ کوئی نماز پڑھنے
والے آکر نماز پڑھ سکیں۔ پھر مسجد کیلئے اینٹیں منگوائی گئیں۔ اور مستری لگاکر
مسجد تعمیر کروائی گئی۔ اور اپنے طالبوں کو حُکم دیا کہ نماز پڑھو۔ روزے رکھو۔
اور جسمانی طور پر صفائی اور پاکیزگی اختیار کرو۔ اور اِس مسجد میں آپؒ نے

خود بھی نماز پڑھی۔ اور ہمیں بھی پڑھائی۔ ایک دفعہ ماہ رمضان میں آپؒ نے فرمایا کہ روزے رکھنے چاہیئے کیونکہ معتمند و تندرست آدمی پر روزہ فرض ہے۔ اور اگر کوئی مجھ سے کہے کہ روزہ کیوں نہیں رکھتے۔ تو میں کہہ سکتا ہوں کہ میں تو بیمار رہتا ہوں۔ اور دن میں کئی دفعہ دوائی کھانا پڑتی ہے اور روزہ نہیں رکھ سکتا۔ اگر کوئی تم سے پوچھے کہ روزہ کیوں نہیں رکھتے۔ تو کیا جواب دو گے۔ اگر مجھ سے کوئی نماز کے متعلق پوچھے۔ تو اسکا جواب یہ ہے کہ مجھے پیٹ سے کئی بار خون آتا ہے۔ اسلئے نماز نہیں پڑھ سکتا کیونکہ نماز کیلئے طہارت ضروری ہے۔ اگر تم سے کوئی نماز کے متعلق پوچھے۔ تو کیا جواب دو گے۔ آپؒ نے فرمایا کہ یہ میرا امر ہے کہ آپ نماز روزے کی پابندی رکھیں۔ آپؒ کا یہ اصول تھا کہ کوئی غیر بات نہ کرنی ہے نہ سننی ہے۔ اللہ اور اللہ کی بات۔ جیسا کہ آپؒ نے فرمایا کہ: اللہ کی بات خاص ہے۔ باقی سب بکواس ہے۔ آپؒ نے اپنے فقرا، طالبان کو اتنی محبت اور پہچان عطا کی اور اپنے فقر سے کمال محبت اور اتنا پیار کیا ہے کہ آج آپؒ کے کسی طالب سے بھی پوچھیں تو وہ یہی دعویٰ کریگا کہ بابا جی

صاحبؒ سب سے زیادہ مجھ سے پیار کرتے تھے۔ ایک دفعہ میں نے عرض کی کہ یا سخی مالکؒ آپؒ کا سب سے ایک جیسا پیار ہے۔ اور میں کیسے مان کرسکتا ہوں کہ مجھ سے سب سے زیادہ پیار ہے۔ تو آپؒ کو اس بات کا دکھ ہوا کہ یہ تو نے کس طرح کہہ دیا کہ سب سے ایک جیسا پیار ہے۔ تم اندازہ لگاؤ کہ اگر تیرے جیسا پیار اُن سے ہو۔ تو وہ بھی تمہاری طرح سب کچھ چھوڑ کر میرے پاس بیٹھے رہتے۔ اور تمہیں تو میں نے ہر وقت قرب میں قریب صحبت میں ہر وقت اپنے ساتھ رکھا ہے۔ اور تجھ سے ہی زیادہ پیار ہے۔ یہ لوگ تو ہفتہ، مہینہ یا سال بعد آتے ہیں۔ اسلئے انکو بھی پیار دے کر روح راضی کرنا پڑتا ہے۔ آپؒ سفید رنگ پسند فرماتے۔ اور سفید کپڑے زیب تن فرماتے۔ چاہے وہ کھدر یا کوئی قیمتی ہوں۔ اسکے علاوہ آپؒ صوف کا لباس پسند فرماتے۔ ایک دفعہ آپؒ نے کھدر کا تھان منگوایا۔ اور اس تھان سے ایک سوٹ اپنے لئے۔ ایک سوٹ میرے لئے۔ اور ایک سوٹ یہاں آئے ہوئے آپؒ کے سندھی طالب کیلئے بنایا۔ کچھ دنوں کے بعد فرمایا کہ کوئی بوری چاہیے ایک بوری وہاں موجود تھی۔ اسکو دھو کر آپؒ کی خدمت میں پیش کی گئی۔

تو آپ نے فرمایا کہ اس کا کرتا بنانا ہے۔ اوپر کی طرف گلا بنایا گیا۔ اور سائیڈوں سے پھاڑ دیا گیا۔ تو وہ کفن کی صورت میں کرتا بنا۔ پھر آپ نے فرمایا کہ ایک بوری اور چاہیے۔ اس کی باندھنے کیلئے چادر بنانی ہے۔ اور چادر بنائی گئی۔ آپ نے وہ لباس پہن کر مجھے فرمایا کہ خندق کی شکل کا گڑھا بنا دو۔ تو آپ کے حجرے کی جگہ۔ جہاں اب حجرہ بنا ہوا ہے۔ پہلے یہ نہیں تھا۔ اسی طرح ایک خندق نما گڑھا کھودا گیا۔ اور آپ اس میں قطب کی طرف منہ مبارک کر کے بیٹھ گئے۔ اور مجھے فرمایا کہ کسی کو بھی میرے پاس نہ آنے دو۔ دس گیارہ دن گزرنے کے بعد مجھے خیال آیا کہ آپ اس حال سے پہلے کیطرح صاف لباس میں آجائیں۔ تو میں نے عرض کی کہ یا سخی مالک اب آپ غسل فرمائیں۔ اور صاف کپڑے پہنیں۔ آپ نے فرمایا کہ میرے معاملے میں دخل نہ دیں۔ اور مجھے میرے حال پر رہنے دیں۔ اور میں بھی پشیمان اور بے چین رہنے لگا۔ کہ میں کونسا لباس پہنوں۔ خیر مزید ایک ہفتہ کے بعد میں پھر گرویدہ ہوا۔ اور عرض کی کہ آپ کا سر مبارک بھی

صاف ہونیوالا ہے۔ سر صاف کریں، مالش کریں۔ غسل کریں اور

صاف کپڑے پہنیں۔ اور کوئی آنیوالا آپکو دیکھتا تو حیران رہ جاتا۔ ڈر کے

پیچھے چلا جاتا۔ کہ بابا جی صاحبؒ جانے کس حال میں ہیں۔ مجھ سے پوچھتے

کہ بابا جی صاحبؒ کو کیا ہوا ہے۔ تو میں جواب دیتا کہ کچھ نہیں ہوا۔ یہ آپؒ کا

اپنا خیال اور اپنا راز ہے۔ کھاتے کچھ نہیں تھے۔ صرف پانی یا ایک بوٹی

جل نم جو کہ نیم سے زیادہ کڑوی ہوتی ہے۔ اسکی ایک پیالی روزانہ پی

لیا کرتے۔ اور میں آپؒ کے پاس حاضر رہتا۔ اور اکیس۲۱ دن تک وہ چلہ مکمل

کیا۔ اور مجھے فرمایا کہ تیل لے آؤ اور مجھے مالش کرو۔ مالش کرنے کے بعد

آپؒ نے غسل کیا۔ اور صاف کپڑے زیب تن کئے۔ آپؒ ہر سال بندھ

شریف کے سفر پر، معہ خاص فقراء اپنے طالبوں کے پاس جاتے تھے۔ اور

آپؒ کے جانے سے وہاں میلہ بن جاتا تھا۔ اور آپؒ کے بچپن کے دوست

بھی ملاقات کیلئے آجاتے تھے۔ اور وہ دن مقرر کر دیئے گئے۔ کہ انہی

دنوں میں آپؒ ہر سال میلہ کر سکتے ہو۔ پہلے آپؒ رنگیلے سائیں صاحب

کے آستانہ پر تشریف لے جاتے۔ اور وہاں ہاڑ کی اٹھائیس۲۸ تاریخ کو میلہ

مُنعقد ہوتا۔ اور آپؒ کے تمام طالبان فُقرا، اکٹھے ساتھ ساتھ رہتے پھر آپؒ

چکؒ شہباز پور فقیر رحمدل سائیں صاحب کے آستانہ پر جاتے۔ فقیر رحمدل سائیں

صاحب کے آستانہ کا نام آپؒ نے درازی آستانہ رکھا۔ اور فقیر رحمدل سائیں

صاحب کے پاس آپؒ نے ساون کی دو تاریخ کو میلہ مقرر فرمایا۔ چند دِن

وہاں قیام فرمانے کے بعد آپؒ گوٹکی شریف نما نے سائیں صاحب کے

آستانہ پر تشریف لے جاتے۔ اور یہاں آپؒ نے ساون کی پانچ تاریخ کو

میلہ مقرر فرمایا۔ نمانے سائیں صاحب آپؒ کے طالب بھی ہیں۔ اور بچپن

کے دوست بھی ہیں۔ نمانے سائیں صاحب کا آستانہ شہری آبادی سے

دُور ہے۔ تنہائی کی وجہ سے کبھی کبھی وہاں زیادہ دِن بھی گزارتے

تھے۔ اور پچھلی رات کو حضرت مُوسیٰ شاہ صاحبؒ کی درگاہ پر حاضری کیلئے

جاتے رہتے تھے جنکا پہلے ذِکر ہو چکا ہے۔ ایک دفعہ وہاں چکؒ شہباز پور

درازی آستانہ پر میرے والد صاحب آپؒ کو مِلنے کیلئے آئے۔ تو آپؒ نے

میرے والد صاحب سے پُوچھا کہ یہ بچّہ میرے پاس میری صُحبت میں رہتا

ہے۔ اور سچّے دل سے میرا طالب ہے۔ آپکو کوئی اعتراض یا کوئی ناراضگی

تو نہیں ہے. تو میرے ابا جی نے کہا کہ اگر کسی غیر کی صحبت میں ہوتا. تو

میں اسکو گولی مار دیتا. مجھے تو خوشی ہے کہ یہ آپؒ کی نیک صحبت میں

ہیں. اور آپؒ ہی کا ہے. آپؒ اللہ کے درویش ہو. اور میں بہت ہی خوش

ہوں. آپؒ میرے حق میں دعا فرمائیں. تو آپؒ نے دعا فرمائی کہ اللہ پاک

آپکو راضی رکھے. اور آپ پر رحمت فرمائے. اور وہاں آپؒ کے دوستان کی

کافی تعداد تھی. جو آپؒ سے ملنے آتے. آپؒ کے کچھ ہندو مذہب کے طالب

بھی ہیں. جن میں سے خاص سادھو سیرت وفا سائیں ہیں. اور اُنکے والد

دیوان صاحب بھی آپؒ کو خاص عقیدہ کی نظر سے سادھو اور سچا فقیر مانتے تھے

اور دیوان صاحب خود صوفی خیال اور سچائی پسند سادھو صفت انسان تھے.

ایک دفعہ سندھ شریف کے سفر میں آپؒ سائیں محمد فقیر گھوٹہ صاحبؒ کے آستانہ پر

تشریف لے گئے. ایک رات وہاں قیام فرمایا. تو سائیں محمد فقیر گھوٹہ صاحبؒ

بڑے پیار سے پیش آئے. سائیں محمد فقیر صاحبؒ خود صوفی شاعر اور

طالب مُریدوں والے درویش ہیں. اور وہاں فقرا میں بھگتی راگ

ویراگ کا عام رواج ہے. کہ ساری ساری رات بھگتی راگ ویراگ چلتا

سے کہنے لگے کہ سبحان اللہ اے فقیرو! یہ بچہ چھوٹی عمر میں ہی عشق کمال سے اپنے اعلیٰ مقام و مقصود و مراد پا چکا ہے۔ ہم عمر رسیدہ ہو گئے ہیں اور ابھی تک ہمیں یہ مقام حاصل نہیں ہوا۔ جو انکو حاصل ہے۔ اور ہم ابھی راستے میں ہیں۔ انکا سونا جاگنا ایک جیسا ہے۔ ان کا دل روح ہر وقت ذاتِ حق کے مشاہدے میں مخمور و پُر نور، توحید حق سے بھرپور پُر انوار فقیر ہیں۔ ہجویری پاک بابا راضی بادشاہ صاحبؒ نے فرمایا کہ! یہ سب میرے مرشد کامل محمد شفیع قلندر علی داتا درازیؒ کا فیض کمال و احسان اور بے حد قرب نوازی و فیاضی ہے۔ جس نے اپنی صورت بقا بخش دی۔ اور محبوب کے حسن و عشق کی کھیڈ دیکھ رہا ہوں۔ اور اسی حال میں میرے رات دن گزر رہے ہیں۔ سائیں محمد فقیر صاحبؒ کا ان با عرفان، دوستانہ، عاشقانہ، دردمندانہ گفتگو سے بہت خوش اور راضی ہوئے۔ آپ سرکار کو سردی کے موسم میں سانس کی تکلیف بہت شدت اختیار کر جاتی تھی۔ کئی رات اور دن اسی تکلیف میں بیٹھے ہی گزر جاتے تھے۔ اور دن رات میں کئی بار انجکشن بگانا ہوتا

تھا۔ اور دوائی کھانا پڑتی تھی۔ بازوؤں پر زیادہ انجکشن لگانے کیوجہ

سے بازوؤں پر سوجھن ہو گئی۔ تو پھر ڈاکٹر سے مشورہ کیا گیا۔ تو انہوں نے

کہا کہ انجکشن لگانا ضروری ہیں۔ اگر بازوؤں میں نہیں لگ سکتے تو گھٹنوں

کے اوپر گوشت والے حصّہ میں لگائے جائیں۔ کچھ عرصہ بعد وہاں بھی زیادہ

انجکشن لگانے کی وجہ سے سوجھن ہو گئی۔ پھر آپؒ نے فرمایا کہ اب کہاں

انجکشن لگاؤ گے۔ پھر آپؒ نے فرمایا کہ دوبارہ بازوؤں پر آجاؤ۔ اور ایسا ہی

ہوا۔ بازوؤں پر انجکشن لگتے رہے۔ اور مجھے آپؒ کو سوئی لگاتے وقت دل

کو بہت تکلیف ہوتی تھی۔ جیسے کہ اپنی جان میں سوئی لگ رہی ہو۔

اس مسکین کو آپؒ کے اس دُکھ درد بھرے وقت میں ہر دم ہمراہ رہنے

کی توفیق و ہمت آپؒ کی طرف سے عطا ہوئی۔ ورنہ عزیز سے عزیز و

محبت پیار کا دعویٰ کرنیوالے بھی آپؒ کا یہ درد حال دیکھ کر برداشت نہیں کر

سکتے تھے۔ کہ آپؒ کا یہ دُکھ درد ہم سے نہیں دیکھا جاتا۔ تکلیف کے وقت

بات نہیں کر سکتے تھے صرف اشارہ تھے۔ اور یہ تکلیف مسلسل آٹھ آٹھ دن

تک جاری رہتی۔ اور جب سینے کا ریشہ بلغم پک کر خارج ہونا شروع ہوتا۔

تو شدید کھانسی کے ساتھ باہر آتا. دو چار روز آفاقہ ہونے کے بعد پھر یہی تکلیف ہونا شروع ہو جاتی. صرف یہی ایک مرض نہیں تھا. بلکہ سارا جسم دَرد سے بھرپور رہتا. پیٹ سے خُون بھی آتا تھا. ناک میں بھی دوائی ڈال رہے ہیں. کیونکہ ناک میں غدُود آگئی تھی. ناک بند رہتا تھا. ناک کا آپریشن کروایا گیا. اور غدُود کو نکالا گیا. کان بھی درد کر رہے ہیں. دوائی استعمال ہو رہی ہے. آنکھوں میں بھی دوائی ڈال رہے ہیں. بہت دوائیاں استعمال کیں. مگر برسوں کی بیماری ختم نہ ہوئی. اور قائم رہی اور آپ سرکارؒ اِس درد تکلیف میں سدا خُوش راضی با رضا رہے ہیں. کبھی ٹھنڈی آہ نہیں سُنی. اور نہ ہی کبھی شکوہ! مطلب آپؒ سراپا درد تھے. اِسی لیے تو آپؒ نے درد عشق کی تعریف اور دَرد سوز سے پیار کیا ہے. کیونکہ درد عشق ہی اللہ کی ذاتِ پاک سے مِلا دیتا ہے. اور وصال با جمال عشق کمال سے ہی ہوتا ہے. اور شکم عیش عشرت، حق سے دُور اور رُسوا کرتا ہے. یہ درد سوز دُکھ عاشق مردِ فقیر کا سُہاگ، حُسن و خاص لباس ہوتا ہے. اور اسی حال خیال میں ہردَم خوش راضی و باغ و بہار

دیکھا ہے۔ ایک دن آپؒ نے بندہ مسکین سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ خیال
اللہ سائیں آپکے دل میں خیال گزرتا ہوگا کہ برسوں کا بیمار روگی مرشد ملا
ہے۔ اور شاید مجھے بھی ایسا ہی ہونا پڑے گا لیکن ایسا نہیں یہ روگ عشق
برسوں کی بیماری محض میرے لئے ہے۔ اور میں نے اس کو دل سے
قبول کیا ہے۔ بلکہ تمہاری و تمام سچے باوفا صادق طالبانِ حق کی بلائیں
میں نے اپنے سر اُٹھا لی ہیں۔ اللہ سچا سائیں آپکو تندرست و صحتمند و سدا
خوش حال رکھے گا۔ میں نے عرض کی کہ یا مالک پاک عرصہ دراز سے
بلکہ بچپن ہی سے دکھوں، دردوں اور مصیبتوں کے اندوہ ناک وقت و
حالات بیت گئے ہیں۔ اب تو اس چندری زمانی کو سکھ و سکون کا
سانس آنا چاہیے۔ تو آپؒ نے فرمایا کہ آپ اللہ پاک سے دعا عرض کریں
کہ مجھے شفایاب کر دے۔ تو بندہ نے عرض کی کہ یا سخی مالک میں تو ہر
وقت درگاہ حق میں التجا کر رہا ہوں کہ سچا مالک میرے سائیں کو صحتمندی
و تندرستی عطا فرما۔ آمین۔ تو آپؒ نے فرمایا کہ اللہ پاک تمہاری دعا قبول
فرمائے۔ دل میں خیال آیا کہ یا سرکار آپؒ خود چاہیں تو دعا قبول فرمائیں

کیونکہ آپؒ تو قادر کریم ہیں۔ جیسا چاہیں ویسا ہی ہوگا۔ اور آپؒ دو ماہ تک
بالکل صحتمند، تندرست و توانا رہے۔ آپؒ روزانہ رات کو ایک دو بجے غسل
فرماتے تھے۔ اور مراقبے میں بیٹھے ذکر ذاتی میں مشغول رہتے۔ اور اللہ
سے رُوبرُو باتیں کرتے۔ ایک رات خلوت و یکسوئی میں ایک دو بجے کے
قریب آپؒ کو اللہ پاک سے مخاطب ہو کر باتیں کرتے سُنا کہ! اے میرے
حقیقی مالک محبوب محرم راز! آپ نے مجھے نعمت عطا فرمائی تھی۔ وہ
مجھ سے کیوں واپس لے لی۔ تو سخی مالک ہے۔ اور سخی جو چیز عطا کرتا
ہے وہ واپس نہیں لیتا۔ آپ سخاوت کرو اور میری چیز جو آپکی عطا کردہ
ہے۔ مجھے واپس دے دو۔ یعنی میرا درد حال سوز بر ہوں بحال کرو۔
جب صبح ہوئی تو وہ مرض محبّت سوز بر ہوں اپنے مالک حق پاک سے
پھر عطا ہو گیا۔ اور اسی حال میں راضی رہنے لگے۔ سُبحان اللہ۔
ایک دفعہ آپؒ نے فرمایا کہ! میں اس جنگل میں چادر اوڑھے عام خلق
سے پوشیدہ چھپا ہوا تھا۔ خیال اللہ سائیں نے آکر یہ پردہ اٹھا دیا
اور سب مجھے ظاہر کر دیا ہے۔ لہٰذا اب میں ظاہر ہی میں پوشیدہ ہوں۔

جسے چاہوں اپنے آپ دِکھلاؤں۔ لیکن محبّت عشق وفا سچائی بغیر فقیر کے راز کو کوئی نہیں پا سکتا۔ فقیر جسکو چاہے اپنا یار بنائے۔ اور درشن دے کر دل لُوٹ لے۔ جب تک طالب حق مُرشد کامل ہادی پاک کی ذات میں فنا فی شیخ نہ ہو تب تک وہ دوئی سے دُور نہیں ہو سکے گا۔ یعنی مَیں توُں کی باتوں میں مُبتلا رہے گا۔

جو ہار تو بات ہو رہی تھی ظاہر کرنیکی۔ تو طالب حق کو حق پہنچتا ہے کہ اپنی تمام ذات صِفات سے فانی ہو کر ہادی مُرشد کا نام روشن کرے۔ مُرشد پاک کے قدموں کی خاک کو اپنی آنکھوں کا سُرمہ بنا ڈالے۔ تب وہ مُرشد پاک کے نینوں سے نین مِلا کے نُورانی و حقانی نظارہ دیکھ سکتا ہے اگر طالب حق ہے تو مُرشد کا نام و عرفان کافی ہے۔ اور ہر وقت مُرشد کے گُن گیت گاتا رہے۔ خودی خُود پرستی ارادے اِختیار اپنے نام و نشان و ذات صفات سے فانی ہو جائے۔ تو ایسے طالب کا مُرشد جان جگر بن جاتا ہے۔ جیسے گلے کا ہار ہوتا ہے۔ جب وہ گلے کا ہار بنا نہ نزدیک رہا نہ دُور ہُوا۔ آپؑ فرماتے ہیں کہ میں اِس اُمید پر کس کو طالب کرتا ہوں کہ شاید

کوئی اللہ کا سچا عاشق طالب تارکِ الدنیا مل جائے۔ جو اللہ اور اللہ کی محبت کے سوا کوئی خواہش نہ رکھتا ہو۔ اس کے علاوہ مجھے طالب مرید کرنیکی کوئی خواہش نہیں ہے۔ یا خدمت کرانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے اس لئے کہ اس آخری دور میں اللہ کا سچا طالب ملنا بڑا مشکل ہے۔ اور مُرشد پاک کا احسان ہے کہ اُس نے اپنے ساتھ اپنے فقر میں پیوست فرمایا طالب ہو کے احسان نہیں جتلا سکتا کہ میں طالب ہوا ہوں۔ یہ مُرشد پاک کا احسان، مہربانی و قرب نوازی ہے۔ جس نے اپنے لڑ لگا لیا۔ اور حق کی طرف رجوع کیا۔ آپؒ نے زیادہ طالب نہیں کئے بلکہ چند مخصوص دلوں کا شکار کیا ہے۔ ورنہ آپؒ تو بے پرواہ ذات ہیں۔ آپؒ کو کیا پرواہ ہے کہ کسی کو طالب کریں یا نہ کریں۔ اگر آپؒ نے کسی کو طالب کیا ہے۔ تو وہ بڑا ہی خوش نصیب ہے۔ کہ اس آخر زمانے میں ایسا سچا فقیر کامل مُرشد ملا۔ اور شکر اللہ اَلحمدُ للہ۔ یہ اللہ سچے سائیں کا احسان ہے کہ ہم مسکینوں کو فقیر مُرشد عطا ہوا۔ ورنہ آجکل تو سچا فقیر ملنا بہت مشکل ہے۔ اللہ کے پیارے ہیں۔ مگر بہت تھوڑے ہونگے۔ وہ بھی خلق دُنیا سے دل ہٹائے۔ عام سے

چھپے ہوئے ہیں. اُن جیسا ہی اُن کو دیکھ سکتا ہے.

ہادی پاکؒ سخی بابا راضیؒ سائیں صاحبؒ اپنے مرشد سخی بابا مُحمّد شفیع صاحبؒ کی خدمت، محبّت اور ریاضت و مجاہدہ میں فقر کی جوگ و تصوّف کے تمام حقائق سے آگاہی اور رازِ روحانی و رمزِ فقیری سے مکمل آشنا ہوئے. تو بارہ سال بعد سخی بابا سائیں صاحبؒ نے ہادی پاکؒ سے فرمایا کہ اے راضیؒ پُتر! اسوقت آپ فقیری حال و الٰہی اسرار سے اچھی طرح واقف و اپنا مقصد پا چکے ہیں. یعنی آپ نے اپنے مطلوب مقصود کو پا لیا ہے. اور اس وقت تک آپکو بارہ سال گزر گئے ہیں. اب مجھے خیال آیا ہے کہ آپکے والد صاحب اور دوسرے عزیزان صاحبان نے یہ سمجھ لیا ہے کہ آپ اس دُنیا میں نہیں ہیں. اس لئے اب آپ کچھ دنوں کیلئے وطن واپس جا کر اُن سے ملیں. وہ آپکو بہت تلاش کر چکے ہیں. اور آپکو عرصہ دراز کے بعد دیکھ کر بہت خوش ہونگے. اُنکی دلجوئی اور رُوح راضی ہوگا. ہادی پاکؒ بابا راضیؒ بادشاہ نے اپنے مُرشد پاکؒ سے عاجزانہ عرض کی کہ، یا سخی مالکؒ میں آپکی محبّت میں دونوں جہان کو بھول چکا ہوں. آپکی ذات پاک

کے سوا میرا کوئی نہیں۔ اور نہ میرا کسی سے کوئی تعلق یا رشتہ رہا ہے۔ آپ ہی میرا سب کچھ ہیں۔ یہ مسکین آپ سے ایک پل بھی دور نہیں ہو سکتا۔ ایک پل کی جدائی بھی گوارہ نہیں ہو سکتی۔ کیا کروں کدھر جاؤں۔ پھر بابا سائیں صاحب نے آپکو بڑی شفقت، محبت اور پیار سے آمادہ کر لیا۔ اور فرمایا کہ ایک دفعہ میرے امر سے جاؤ۔ اور اپنے والد صاحب اور عزیزان صاحبان سے ملکر جلد واپس آجائیں۔ میرا ہونا ہر وقت آپکے ساتھ ہے۔ اور آپ اپنے مرشد پاک کے حکم وامر سے سندھ تشریف لے گئے۔ جب آپ وہاں پہنچے۔ تو آپ کے والد صاحب اور دوسرے عزیزان صاحبان نے بڑی خوشی منائی۔ اور آپ کو دیکھ کر بہت راضی ہوئے۔ کچھ عرصہ آپ اُن کے پاس رہے۔ اور ساتھی دوستوں سے بھی ملاقات ہوئی۔ اور پھر واپس اپنے مرشد ہادی کی خدمت میں حاضر ہو گئے۔ میرے سائیں ہادی پاک بابا راضی بادشاہ نرالی شان والے باکمال حال، راز واسرار اور منفرد طریقت کے مالک ہیں۔ آپ کا طریقہ صفائی، سچائی و مصطفائی ہے۔

صفائی:-

یعنی لباس اور جسم کے ساتھ ساتھ دل بھی غیر خواہشوں سے خالی ہو۔ اللہ پاک ہے۔ اور پاک رہنے والوں کو پسند فرماتا ہے۔

سچائی:-

یعنی سچ بولنا، سچ سننا، سچ کہنا اور سچی بات کو تسلیم کرنا۔ سچ پسند اور حق پرست انسان ہونا چاہیے۔ حق پرست اللہ کے عاشق فقیر دردمند درویش جو صرف اللہ کی ذات کو ہی اپنا دوست و دلدار و مددگار ہر وقت اس کو اپنے قرب میں قریب سانس سے بھی نزدیک پاتے ہیں۔

مصطفائی:-

فقیر اوّلین سید المرسلین یعنی اوّل فقیر پہلے فقیر حضرت مُحَمَّد مُصطفیٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ہیں۔ آپؐ نے تمام عمر عاجزی، مسکینی، دردِ دلی، دوسرے انسانوں کی بھلائی اور راہنمائی کیلئے مخلوق کے دُکھ برداشت کئے

اور آپؐ کی ذاتِ پاک نے کبھی کسی کو دُکھ نہیں دیا بلکہ

دُکھ دینے والوں کو بھی مُعاف فرماتے۔ اور رحمت کیلئے

دُعا فرماتے۔ کیونکہ آپؐ رحمۃ اللعالمین بن کر آئے ہیں۔ یہی

مُصطفائی صفت خاص فقر کو عطا ہوئی ہے۔ کیونکہ خاص

سچے فقیر میں اللہ پاک اور رسُول پاکؐ کی صفات پائی

جاتی ہیں۔ کیونکہ وہ بھی تمام مخلوقِ خدا سے مُحبت، اُن کی

بھلائی اور خیر مانگتے ہیں۔ اور اللہ کی طرف رجوع یعنی

وحدت و توحید کا درس دیتے ہیں۔ کہ اللہ پاک کی ذات

کے سوائے کوئی معبُود نہیں۔ وہی موجود ہے۔ باقی

سب نابُود ہے"

کسی رنگ و لباس کے مُحتاج نہیں۔ اور فقر حال و فقیری حال و خیال

کے سوا باقی تمام رسوم و رواج سے بے نیاز ہیں" ہادی پاک بابا

راضی سائیں صاحبؒ نے فرمایا کہ! اللہ ایک ہے۔ اُسکا محبُوب ایک ہے

قرآن ایک ہے۔ انسان بھی ایک ہے۔ طالب و مطلوب ایک ہے۔ اس

لئے کہ دونوں کی حقیقت ایک ہے۔ جب ایک ہوا تو نہ میں رہا نہ تو۔ نہ یہاں رہا نہ ہوں۔ جدھر دیکھوں توں ہی توں۔ مرشد راضی اللہ ہو۔ آپ یہاں کے قریبی فقرا۔ طالبان سے فرماتے کہ مرشد ہادی کا قدر مجھ سے پوچھو کہ میں نے کس طرح، کتنی جدوجہد و کشائے کر کے، جنگل پہاڑ پھرتا ہوا حال و بے حال ہو کر، کئی مشکلات سے گزر کر ہادی مرشد کو پایا ہے۔ اس لئے کہ جو چیز محنت مشقت اور دکھ تکلیف برداشت کر کے حاصل کی جائے اسکی بڑی قیمت و قدر ہوتی ہے۔ اور تم لوگوں کو تو گھر بیٹھے ہوئے بغیر تلاش کے بغیر تکلیف کے مرشد مل گیا ہے۔ اگر تمہارے دل میں مرشد کی قدر ہوتی۔ اور تم لوگ قدر کرتے تو میری طرح ہر پیاری چیز سے دل ہٹا کر صرف میرے ہو کر مجھے دیکھتے۔ ابھی تک تو تم اپنے نفس کی خواہشیں پوری کرنے میں لگے ہوئے ہو۔ جبکہ میں راہِ عشق میں اپنے نفس کا دشمن ہوں۔ تو تمہارے نفس کی کیوں موافقت کروں۔ جو طالب اپنے نفس کی غیر خواہشوں کے خلاف اور مرشد کی موافقت میں یگانہ اور خودی سے خالی ہے وہ ہی میرا دوست میں اُسی کا دوست ہوں۔ ورنہ میں سوا اللہ

پاک کے کسی کا محتاج نہیں ہوں۔ میں اللہ کا ہوں اور اللہ میرا ہے۔ اسکی یاد محبت کے سوا کوئی خبر نہیں رکھتا۔

ہادی پاکؒ کی ذات پاک نے مخلوق خدا سے پیار و محبت اور خدمت کی جو مثال پیدا کی ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ انہوں نے واحدنیت میں آکر مخلوق میں خالق خدا عزوجل کا مشاہدہ کیا۔ اور اللہ ہی سے اللہ کو دیکھا۔ جو سب میں ایک ہے۔ دوسرا دیکھنے والا دوئی پسند شک و گمان کا پیرو کار ہوتا ہے۔ اور شک شیطان کے حصے میں آیا ہے۔ جنہوں نے شک کو چھوڑا انہوں نے حق دیکھا۔ طالب حق کو سب میں سوہنا سائیں محبوب مرشد مطلوب کو ہر دم سامنے دیکھنا چاہیے۔ فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ترجمہ:۔ "جدھر منہ کرو اللہ سامنے ہے"۔ کیونکہ وہ غائب تو نہیں ہے۔ لیکن وہ ظاہر کی آنکھوں میں نظر نہیں آتا۔ اور ظاہر کی آنکھیں بند کر کے دل کی آنکھوں اور یقین کی نظر سے دیکھا جا سکتا ہے۔ ہر دم حاضر موجود ہے۔ غیر دیکھنے سے اندھا ہو جانا چاہیے۔ اور غیر کوئی بھی نہیں ہے۔ غیر اللہ سے توبہ! کل و جزو میں حرکت و سکونت میں سب یہ ہنگامہ اسی کی ذات سے ہے۔ نہ ہجر ہے

نہ وصال ہے۔ یہ بات بہانہ ہے۔ ظاہر و باطن وہی ایک ہے۔ ہر ذرے میں اُسکی نگاہ اور ہر چیز اُسکی حفاظت و پناہ میں ہے۔"

آپ ملامت کو پسند فرماتے تھے۔ بشرطیکہ وہ جھوٹی ہو۔ اِسلئے کہ ملامت سے نفس غرور اور تکبر سے بچ جاتا ہے۔ اور خلق میں عزت ڈھونڈنے کیوجہ سے نفس ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔ اِسلئے اِسکو ذلیل کرنا چاہیے۔ جیسا کہ حکم ہے کہ جس نے اپنے نفس کو ذلیل جانا۔ اُس نے اپنے ربّ کو عزیز جانا۔ عقل پرست شکل پرست اور خود پرست کیلئے ملامت مُصیبت اور موت ہے۔ مگر عاشق کیلئے ملامت سدا سلامت و باغ و بہاری ہے۔ اہلِ ملامت کو ملامت کرنیوالے اور بُرا کہنے والے پر غُصّہ نہیں آنا چاہیے۔ اگر غُصّہ کرتا ہے تو وہ اہلِ ملامت نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ وہ ابھی تک اپنی ہستی، خودی اور خود پرستی میں پھنسا ہوا ہے۔ اسلئے ملامت سے گھبراتا ہے۔ جو شخص خلق میں عزت و شہرت، نیک نامی اور خوشامد کو پسند کرتا ہے۔ تو وہ خدا سے دُور شیطان کے قریب ہوتا ہے۔ اور اہلِ ملامت کا بھید ملامت کیوجہ سے غیروں سے محفوظ رہتا ہے۔ اور جو شخص اپنی تو تعریف کرتا ہے اور دُوسروں کی

غیبت عیب جوئی کرتا ہے۔ تو ایسے خود غرض، خود پسند اور نفس پرست سے اللہ مُرشد بالکل بے پرواہ ہے۔ ایسے شخص کو سوائے رُسوائی کے اور کچھ نصیب نہیں ہوگا۔ سخی بادی پاک فرماتے ہیں کہ اس مسکین کا ہر ایک میں خیال ہے۔ اور فقیر فقط نیت کو دیکھتا ہے۔ اور اپنے ارادے نیت حقیقت کو سمجھنا خاص بندوں کا کام ہے۔ اپنے اندر نہ دیکھنا۔ اور اپنے نفس کی پہچان نہ کرنا۔ نادان اور جاہلوں کا کام ہے۔ اور جتنا ہو سکے اللہ پاک کی یاد رکھنا۔ اور رب کریم کے ذکر اذکار میں زیادہ وقت صرف کرنا چاہیے۔ طالب کا مقصود عاجزی وانکساری سے اپنے مالک کریم کو راضی کرنا۔ اور اللہ پاک کی رضا پر راضی رہنے سے حاصل ہو سکے گا۔ نادان انسان کو مرنا یاد نہیں رہتا۔ اور دانا انسان ہر وقت حق کی طرف رُجوع۔ اور موت کا خیال رکھتا ہے۔ اور فقیر موت کو دوست رکھتا ہے۔ کیونکہ موت اللہ سے ملنے کا وسیلہ ہے۔ یہ زندگی فقط دھوکا فریب ہے۔ کیونکہ موت کی خبر نہیں کہ کس وقت آجائے۔ سمجھنا چاہیے کہ گھنٹہ، پہر، دن رات، مہینہ سال گزرنے سے زندگی ختم ہو جاتی ہے۔ اور سانس

ہے دُنیاوی کام۔ مال اولاد اور رشتے سب ختم ہو جاتے ہیں۔ اسلئے آخرت میں جہاں ہمیشہ رہنا ہے۔ وہاں کیلئے سامان جو کچھ یہاں سے بھیجے گا۔ وُہی ملے گا۔ اور وہ سامان ہے۔ عبادت اللہ کیلیے، سخاوت اللہ واسطے، خدمت اللہ واسطے، محبت اللہ واسطے۔ اِسکے سوا اور کچھ بھی ساتھ نہ جائیگا۔ اللہ کریم ہم تُم سب کو اپنی اطاعت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

اللہ والے خاصان خدا فقیروں کے سوا۔ عام فقیر، دُنیا کے لوگ ربّ رحیم کی رضا مرضی کو ہرگز ہرگز نہیں مانتے۔ سوائے طالب صادق! اللہ کریم کی نہایت مہربانی، احسان و عنایت کو فراموش نہ کرو۔ خُود پرستی چھوڑ دو۔ خُدا پرست ہو جاؤ۔ اپنی عزت، آبرو اپنے اللہ کریم کے سپُرد کر دو۔ اور جس سے کوئی سُخن کرو۔ تو سوچ سمجھ کر کرو۔ یعنی وعدہ کرو تو پُورا کرو۔ ورنہ وعدہ نہ کرو۔ نفس بادشاہ ہے۔ شیطان اس کا وزیر ہے۔ ہر امارہ نفس کے ساتھ شیطان شامل رہتا ہے۔ اسلئے طالب اللہ کو چاہیے کہ ہر وقت اس نفس کمینے کا خیال رکھے۔ مستی میں ہو۔ چاہے ہوشیاری میں۔ نیند میں ہو۔ چاہے بیداری میں۔ تونگری میں

